**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ 27.11.2025**

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | پچاس سال سے ہم کوئٹہ میں کوئی بڑا جدید ہسپتال نہیں بنا سکے، گورنر | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | وزیراعلیٰ بلوچستان کی تبدیلی کی باتیں بے بنیاد ہیں، ایاز صادق قومی یکجہتی کو تقویت دینا ہوگی، سرفراز بگٹی | جنگ ودیگراخبارات |
| 03 | مسلم لیگ (ن) نے ملک کی تعمیر وترقی کیلئے اہم کردار ادا کیا ہے، مشیر ماحولیات | انتخاب ودیگراخبارات |
| 04 | بلوچستان ایک نئے ترقیاتی دور میں داخل ہو رہا ہے، میر سلیم کھوسہ | مشرق ودیگراخبارات |
| 05 | سیاست کو عبادت سمجھ کر عوام کی خدمت کا تہیہ کیا ہے، بخت محمد کاکڑ | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | ترقیاتی منصوبوں کی بروقت اور شفاف تکمیل ضروری ہے، چیف سیکرٹری | مشرق ودیگراخبارات |
| 07 | ڈپٹی کمشنر شہید سکندر آباد سوراب کی زیر صدارت کھلی کچہری | جنگ ودیگراخبارات |
| 08 | کوئٹہ بلدیاتی انتخابات کیلئے کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال مکمل | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | ڈسٹرکٹ جیل کوئٹہ میں نو قیدی ایڈز اور 18 ہیپاٹائٹس کا شکار نکلے | جنگ ودیگراخبارات |
| 10 | آئی جی ایف سی بلوچستان ساؤتھ کا تربت لا کالج کا دورہ | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | بلوچستان دہشتگردانہ حملوں کی زد میں ریکوڈک میں سیکورٹی بڑا مسئلہ، سی ای او بیرک | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | نادرا اور محکمہ ماحولیات کے مشترکہ رجسٹریشن ون ونڈو کاؤنٹر کا افتتاح | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | بلیلی روڈ ترقیاتی کام کی بروقت تکمیل یقینی بنائی جائے، ڈی سی کوئٹہ | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | حفاظتی ٹیکے بچوں کی صحت اور محفوظ مستقبل کیلئے ضروری ہے، ڈی سی کوئٹہ | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | کوئٹہ میں الیکٹرک وہیکلز اور پیپلز ٹرین سروس منصوبوں پر عملدرآمد شروع، عوام کو بہتر سفری سہولیات میسر آئینگی | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | گوادر فری زون میں چینی کمپنی کی سرمایہ کاری میں گہری دلچسپی | جنگ ودیگراخبارات |
| 17 | بلوچستان کے سلگتے مسائل پر سب کو آواز اٹھانی چاہئے، ہدایت الرحمٰن | جنگ ودیگراخبارات |
| 18 | ہمارے سیاسی منظرنامے میں قیادت کا بحران ہے، ڈاکٹر عبدالمالک | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان:

دکی پولیس کی کارروائی دو ملزمان گرفتار، صوبہ بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائیاں 35 گرفتار، ڈھاڈر بارودی سرنگ پھٹنے سے دو بچوں سمیت تین جاں بحق، غیر قانونی طور پر ایران جانے کی کوشش میں 14 افراد گرفتار، کرانی روڈ میں گھر پر دس رکنی مسلح ڈکیت گروپ کا حملہ،

## عوامی مسائل:

کلی درانی میں گیس کی بندش نے عوام کو سردی سے بے حال کر دیا، پشتون آباد میں گیس کی لوڈشیڈنگ کا مسئلہ شدت اختیار کر گیا، علاقہ مکین

CS CamScanner

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 27.11.2025

**اداریہ :**

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے "**گیس کی قیمت میں 7.14 فیصد تک اضافہ کی منظوری** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ ترجمان اوگرا کی طرف سے گیس کے نرخوں میں اضافہ سے متعلق اعلامیہ جاری کیا گیا جس کے مطابق گیس کی اوسط قیمتوں میں 7.14 فیصد اضافے کی منظوری دی گئی ہے سوئی سدرن گیس کی قیمت میں 7.19 فیصد اور سوئی ناردرن گیس کی اوسط قیمت میں 4.89 فیصد اضافے کی منظوری دی گئی ہے سوئی ناردرن کیلئے یہ اضافہ 86 روپے 30 پیسے فی ایم ایم بی ٹی یو بنتا ہے۔ یہ طرفہ تماشا ہے کہ ایک طرف حکومت تواتر کے ساتھ مہنگائی میں کمی کے دعوے کر رہی ہے جبکہ دوسری جانب گیس، پیٹرول اور بجلی کے نرخوں میں آئے روز اضافہ کر کے عوام پر مہنگائی کے نئے طوفان مسلط کئے جا رہے ہیں وزیراعظم نے بدترین مہنگائی کی جا چکی میں پسے عوام کی مشکلات کا کئی بار اعتراف کر چکے ہیں اور صوبائی حکومتوں کو بھی ہدایت کر چکے ہیں کہ مہنگائی کا سبب بننے والے پیٹرول، گیس اور بجلی کے نرخوں کو بے لگام کیا جا رہا ہے جس سے سب سے زیادہ عام آدمی بالخصوص مزدور اور دیہاڑی دار طبقہ متاثر ہو رہا ہے اس وقت ملک بھر میں گیس ناپید ہونے کی وجہ سے گیس سے چلنے والی صنعتیں پہلے ہی شدید مشکلات کا شکار ہیں۔

**اداریے :**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**بلوچستان کے مسائل کا حل اور ترقی مقامی حکومتوں کے بغیر ممکن نہیں !** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائم کوئٹہ نے " Mounting Inflation" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے " Ballot to Reboot MCQ" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین :**

روزنامہ جنگ کوئٹہ نے "**چار دن کوئٹہ میں !** " کے عنوان سے نحسیبہ عارف نے مضمون تحریر کیا ہے۔

**برائے ڈائریکٹر جنرل**
**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 27 NOV 2025 Page No. 1

## پچاس سال سے ہم کوئٹہ میں کوئی بڑا جدید ہسپتال نہیں بنا سکے، گورنر

**مریضوں کی بڑی تعداد کراچی جانے پر مجبور، حکومت اس مسئلے کے حل کیلئے فوری ایکشن لے**

**ایرانی قونصل جنرل کے تعاون سے کڈنی سینٹر کو چار ڈائیلاسز مشینوں کی فراہمی خوش آئند ہے، گفتگو**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ صوبے کے تمام اضلاع سے مریض اپنے علاج کیلئے کوئٹہ کا رخ کرتے ہیں جو کوئٹہ شہر کے تمام سرکاری ہسپتالوں پر بھاری بوجھ بھی ہے۔ بدقسمتی سے پچاس سال گزرنے کے باوجود ہم کوئٹہ شہر میں کوئی بڑا جدید ہسپتال نہیں بنا سکے۔ آج بھی مریضوں کی ایک بڑی تعداد علاج کیلئے کراچی جانے پر مجبور ہے جس سے مریضوں کی زندگیاں بھی خطرے میں پڑ جاتی ہیں اور بعض مریض تو راستے میں ہی مر جاتے ہیں لہٰذا ضروری ہے کہ حکومت اس حل طلب مسئلے کو حل کرنے کیلئے فوری ایکشن لے اور اس بات کو یقینی بنائے کہ لوگوں کو اپنے ہی صوبے میں معیاری علاج معالجے کی سہولیات میسر ہو۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سمنگلی روڈ پر واقع کڈنی ہسپتال اور بعدازاں ہزارہ ٹاؤن میں واقع دارالشفاء امام خمینی کے دورے کے موقع پر کیا۔ اس موقع پر کوئٹہ میں تعینات ایرانی قونصل جنرل محمد کریمی تودشکی اور بینوک کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر لیاقت تابان سمیت ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی ایک بڑی تعداد موجود تھی۔ گورنر جعفر خان مندوخیل کو کڈنی ہسپتال کی کارکردگی اور تازہ ترین صورتحال سے متعلق بریفنگ دی گئی۔ منعقدہ پروگرام کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے گورنر مندوخیل نے کہا کہ میرے دورے کا مقصد صوبے میں گردوں کی بیماری میں مبتلا مریضوں کو معیاری دیکھ بھال کیلئے ضروری وسائل کا معائنہ کرنا ہے۔ یہاں آکر مجھے تسلی ہوئی کہ صوبہ میں گردوں کے مریضوں کا بہترین علاج ہو رہا ہے جس کیلئے ڈاکٹر لیاقت آغا اور ان کی پوری ٹیم کی انتھک کوششیں خراج تحسین کے مستحق ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج ایرانی قونصل جنرل کے تعاون سے چار ڈائیلاسز مشینوں کی فراہمی سے کڈنی ہسپتال کے مجموعی معیار کو بڑھانے میں مدد ملے گی۔



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل امام خمینی ہسپتال ہزارہ ٹاؤن کے دورے کے موقع پر افتتاح کر رہے ہیں



کوئٹہ: گورنر شیخ جعفر مندوخیل کڈنی سینٹر میں تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA

## حکومت کوئٹہ میں جدید ہسپتال کے قیام کو یقینی بنائے، گورنر بلوچستان

**بدقسمتی سے ہم 50 سال بعد بھی کوئٹہ میں بڑا اور جدید ہسپتال نہیں بنا سکے، آج بھی مریض علاج کیلئے کراچی جانے پر مجبور ہیں**

**ایرانی قونصل جنرل کے تعاون سے چار ڈائیلاسز مشینوں کی فراہمی سے کڈنی ہسپتال کا معیار بلند ہوگا: جعفر خان مندوخیل**

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ صوبے کے تمام اضلاع سے مریض اپنے علاج کیلئے کوئٹہ کا رخ کرتے ہیں جو کوئٹہ شہر کے تمام سرکاری ہسپتالوں پر بھاری بوجھ بھی ہے۔ بدقسمتی......

بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

مریضوں کا بہترین علاج ہو رہا ہے۔ جس کیلئے ڈاکٹر لیاقت آغا اور ان کی پوری ٹیم کی انتھک کوششیں خراج تحسین کے مستحق ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج ایرانی قونصل جنرل کے تعاون سے چار ڈائیلاسز مشینوں کی فراہمی سے کڈنی ہسپتال کے مجموعی معیار کو بڑھانے میں مدد ملے گی۔ یہ بات بھی باعث فخر ہے کہ یہی ڈائیلاسز مشینیں ایران میں ہی بنی ہیں۔ صوبہ بلوچستان اپنی ہی میکمل سرجنز اور فزیشنز کو دیکھ کر خوشی ہوئی۔ قبل ازیں گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے ہسپتال کے مختلف حصوں کا معائنہ کیا۔ بعدازاں گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کوئٹہ کے مضافات میں واقع دارالشفاء امام خمینی ہزارہ ٹاؤن کا دورہ کیا اور اس کے مختلف حصوں کا معائنہ کیا۔ وہاں موجود ڈاکٹروں، پیرامیڈیکل اسٹاف اور دینی علما کرام سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اس ہسپتال کے قیام سے علاقے کے لوگ مستفید ہو رہے ہیں اور ایران کے تعاون فراہم کی گئیں چھ ڈائیلاسز مشینوں سے مریضوں کیلئے مزید آسانیاں پیدا ہوگی۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے صوبے کے تمام مخیر حضرات پر زور دیا کہ وہ اپنے صوبے کے عوام کی معاونت کیلئے بھرپور کردار ادا کریں۔

سے پچاس سال گزرنے کے باوجود ہم کوئٹہ شہر میں کوئی بڑا جدید ہسپتال نہیں بنا سکے۔ آج بھی مریضوں کی ایک بڑی تعداد علاج کیلئے کراچی جانے پر مجبور ہے جس سے مریضوں کی زندگیاں بھی خطرے میں پڑ جاتی ہیں اور بعض مریض تو راستے میں ہی مر جاتے ہیں لہٰذا ضروری ہے کہ حکومت اس حل طلب مسئلے کو حل کرنے کیلئے فوری ایکشن لے اور اس بات کو یقینی بنائے کہ لوگوں کو اپنے ہی صوبے میں معیاری علاج معالجے کی سہولیات میسر ہو۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سمنگلی روڈ پر واقع کڈنی ہسپتال اور بعدازاں ہزارہ ٹاؤن میں واقع دارالشفاء امام خمینی کے دورے کے موقع پر کیا۔ اس موقع پر کوئٹہ میں تعینات ایرانی قونصل جنرل محمد کریمی تودشکی اور بینوک کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر لیاقت تابان سمیت ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی ایک بڑی تعداد موجود تھی۔ گورنر جعفر خان مندوخیل کو اپنے دورے کے دوران کڈنی ہسپتال کی کارکردگی اور تازہ ترین صورتحال سے متعلق بریفنگ دی گئی۔ منعقدہ پروگرام کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے گورنر مندوخیل نے کہا کہ میرے دورے کا مقصد صوبے میں گردوں کی بیماری میں مبتلا مریضوں کو معیاری دیکھ بھال کیلئے ضروری وسائل کا معائنہ کرنا ہے۔ یہاں آکر مجھے تسلی ہوئی کہ صوبہ میں گردوں کے



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کڈنی ہسپتال میں منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں



گورنر جعفر خان مندوخیل دارالشفاء امام خمینی ہسپتال ہزارہ ٹاؤن میں منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

CamScanner

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

قیمت 35 روپے

جلد 54 جمعرات، 5 جمادی الثانی 1447ھ، 27 نومبر 2025ء نمبر 325


# وزیراعلیٰ بلوچستان کی تبدیلی کی باتیں بے بنیاد ہیں، ایاز صادق

## قومی یکجہتی کو تقویت دینا ہوگی، سرفراز بگٹی

وفاق اور صوبوں کے مضبوط تعلقات قومی یکجہتی کیلئے ناگزیر، اتحادی حکومت صوبے کی ترقی، امن اور خوشحالی میں کردار ادا کر رہی ہے، اسپیکر قومی اسمبلی

صوبے کے عوام اور سیکورٹی فورسز دہشتگردی کیخلاف ثابت قدمی سے نبرد آزما ہیں، امن و استحکام کیلئے تمام ادارے ایک پیج پر ہیں، وزیراعلیٰ

اسلام آباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے یہاں پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے اہم ملاقات کی ملاقات میں بلوچستان اسمبلی میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر میر سلیم خان قوسہ بھی موجود تھے ملاقات میں بلوچستان کی مجموعی سیاسی، سماجی اور ترقیاتی صورتحال پر تفصیل سے تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات میں وفاق اور صوبوں کے مضبوط تعلقات کو قومی یکجہتی اور عوامی فلاح کے لیے ناگزیر قرار دیتے ہوئے بین الصوبائی رابطوں کے فروغ پر خصوصی زور دیا گیا اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کے حوالے سے گردش کرنے والی تبدیلی کی افواہوں کو قطعی طور پر بے بنیاد قرار دیتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی موجودہ اتحادی حکومت صوبے کی ترقی، امن اور خوشحالی کے لیے بھرپور کردار ادا کر رہی ہے، انہوں نے بلوچستان کے لیے ہر سطح پر مکمل تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی ترقی دراصل پاکستان کی ترقی ہے ملاقات کے دوران بلوچستان میں جاری بڑے ترقیاتی منصوبوں، عوامی فلاح اور وفاقی تعاون پر بھی مفصل گفتگو کی گئی اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ بلوچستان میں جاری میگا پراجیکٹس خوش آئند ہیں اور ان کے ثمرات عوام تک پہنچانے کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ صوبے کے عوام کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے وفاق اور بلوچستان کے مابین قریبی رابطہ کاری مستحکم ہونے سے عوامی مسائل کے حل میں تیزی آئے گی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے اسپیکر قومی اسمبلی کی قیادت، پارلیمانی خدمات اور ایوان کی کارروائی کو خوش اسلوبی سے چلانے پر انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے قومی اسمبلی کی جانب سے بلوچستان کے قانون سازی کے عمل میں فراہم کیے جانے والے تعاون کو بھی سراہا میر سرفراز احمد بگٹی نے کہا کہ پارلیمان صوبوں کی مضبوط آواز ہے اور مشترکہ کوششوں سے ہی قومی یکجہتی کو تقویت دی جا سکتی ہے سیکیورٹی صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبے کے عوام اور سیکورٹی فورسز دہشتگردی کے خلاف بہادری اور ثابت قدمی سے نبرد آزما ہیں اور امن و استحکام کے لیے تمام ادارے ایک پیج پر ہیں ملاقات میں دونوں رہنماؤں نے بلوچستان کی ترقی، امن اور خوشحالی کے لیے مشترکہ تعاون اور رابطوں کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔



اسلام آباد: اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی ملاقات کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 3

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | جمعرات 05 جمادی الثانی 1447ھ 27 نومبر 2025ء صفحات 08 | شمارہ 143

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

# وزیراعلیٰ بلوچستان کو تبدیل کرنے کی افواہیں بے بنیاد ہیں، ایاز صادق

## بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کیلئے اتحادی حکومت اپنا بھرپور کردار ادا کرتی رہیگی، بلوچستان کی ترقی پاکستان کی ترقی ہے

### وفاق اور صوبوں کے مابین رابطوں کے فروغ سے عوامی مسائل کو حل کرنے میں مدد ملے گی، اسپیکر قومی اسمبلی کی بات چیت

اسلام آباد/کوئٹہ (آئی این پی + خ ن) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز احمد بگٹی کو تبدیل کرنے کی افواہیں بے بنیاد ہیں، بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کیلئے بلوچستان کی اتحادی حکومت اپنا بھرپور کردار ادا کرتی رہے گی، وفاق اور صوبوں کے مابین رابطوں کے فروغ سے عوامی مسائل کو حل کرنے میں مدد ملے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز.........

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر



اسلام آباد، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے ملاقات کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس سے قبل وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے ملاقات کے لئے پارلیمنٹ ہاؤس پہنچے ملاقات میں بلوچستان کی سیاسی، سماجی اور ترقیاتی صورتحال اور بلوچستان میں جاری عوامی فلاح اور وفاقی تعاون پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ ملاقات کے دوران اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز احمد بگٹی کو تبدیل کرنے کی افواہیں بے بنیاد ہیں بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کیلئے بلوچستان کی اتحادی حکومت اپنا بھرپور کردار ادا کرتی رہے گی، بلوچستان کی ترقی پاکستان کی ترقی ہے بلوچستان میں جاری بڑے ترقیاتی منصوبے خوش آئند ہیں، اسپیکر سردار ایاز صادق نے بلوچستان کیلئے ہر سطح پر مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی اور کہا کہ صوبے کے عوام کے مسائل کو حل کرنا اولین ترجیح ہے وفاق اور صوبوں کے مابین رابطوں کے فروغ سے عوامی مسائل کو حل کرنے میں مدد ملے گی، اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز احمد بگٹی نے اسپیکر قومی اسمبلی کی قیادت اور پارلیمانی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا اور بلوچستان اسمبلی میں ہونے والی قانون سازی میں قومی اسمبلی کے تعاون کو سراہا۔ سرفراز احمد بگٹی نے اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی ایوان کی کارروائی کو خوش اسلوبی سے چلانے کی بھی تعریف کی اور کہا کہ بلوچستان کے عوام اور سیکیورٹی فورسز دہشتگردی کے خلاف نبرد آزما ہیں، پارلیمان صوبوں کی مضبوط آواز ہے دونوں رہنماؤں نے بلوچستان کی ترقی، امن اور خوشحالی کیلئے مل کر کام جاری رکھنے کی ضرورت پر بھی زور دیا اور اس سلسلے میں ہر ممکن تعاون کے عزم کا اظہار کیا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORAT[E] GENERAL OF P[UBLIC] RELATIONS BALO[CHISTAN]

نظامت اعلیٰ تعلقا[ت عامہ] حکومت بلوچ[ستان]

Bullet No. 1

Page No. 4

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سینچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 344 | جمعرات، 5 جمادی الثانی، 27 نومبر 2025ء، صفحات 8 قیمت 40 روپے

# وزیراعلیٰ بلوچستان تبدیل نہیں ہو رہے، ایاز صادق، پارلیمان صوبوں کی مضبوط آواز، وزیراعلیٰ

## تبدیلی سے متعلق افواہیں بے بنیاد ہیں، بلوچستان حکومت امن وخوشحالی کیلئے کردار ادا کر رہی ہے، سپیکر قومی اسمبلی

## مشترکہ کوششوں سے ہی قومی یکجہتی کو تقویت دی جاسکتی ہے سرفراز بگٹی، دونوں رہنماؤں کا رابطے مضبوط کرنے پر اتفاق

اسلام آباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے اہم ملاقات کی۔ بلوچستان اسمبلی میں مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر میر سلیم خان کھوسہ بھی موجود تھے۔ ملاقات میں بلوچستان کی مجموعی سیاسی، سماجی اور ترقیاتی صورتحال پر تفصیل سے تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات میں وفاق اور صوبوں کے مضبوط تعلقات کو قومی یکجہتی اور عوامی فلاح کے (باقی صفحہ 5 نمبر 7) لیے ناگزیر قرار دیتے ہوئے بین الصوبائی رابطوں کے فروغ پر خصوصی زور دیا گیا اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے وزیراعلیٰ بلوچستان کے حوالے سے گردش کرنے والی تبدیلی کی افواہوں کو قطعی طور پر بے بنیاد قرار دیتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی موجودہ اتحادی حکومت صوبے کی ترقی، امن اور خوشحالی کے لیے بھرپور کردار ادا کر رہی ہے انہوں نے بلوچستان کے لیے ہر سطح پر مکمل تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی ترقی دراصل پاکستان کی ترقی ہے ملاقات کے دوران بلوچستان میں جاری بڑے ترقیاتی منصوبوں، عوامی فلاح اور وفاقی تعاون پر بھی مفصل گفتگو کی گئی اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ بلوچستان میں جاری میگا پراجیکٹس خوش آئند ہیں اور ان کے ثمرات عوام تک پہنچانے کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ صوبے کے عوام کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے وفاق اور بلوچستان کے مابین قریبی رابطہ کاری مستحکم ہونے سے عوامی مسائل کے حل میں تیزی آئے گی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے اسپیکر قومی اسمبلی کی قیادت، پارلیمانی خدمات اور ایوان کی کارروائی کو خوش اسلوبی سے چلانے پر انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے قومی اسمبلی کی جانب سے بلوچستان کے قانون سازی کے عمل میں فراہم کیے جانے والے تعاون کو بھی سراہا میر سرفراز احمد بگٹی نے کہا کہ پارلیمان صوبوں کی مضبوط آواز ہے اور مشترکہ کوششوں سے ہی قومی یکجہتی کو تقویت دی جاسکتی ہے سیکیورٹی صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبے کے عوام اور سیکیورٹی فورسز دہشتگردی کے خلاف بہادری اور ثابت قدمی سے نبرد آزما ہیں، اور امن واستحکام کے لیے تمام ادارے ایک پیج پر ہیں ملاقات میں دونوں رہنماؤں نے بلوچستان کی ترقی، امن اور خوشحالی کے لیے مشترکہ تعاون اور رابطوں کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔



اسلام آباد، اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق سے وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی ملاقات کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 5

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

رجسٹرڈ نمبر پی سی I-4

قیمت 30 روپے ★ صفحات 6

www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph:081-2822909

جلد نمبر 32 | جمعرات 27 نومبر 2025ء بمطابق 05 جمادی الثانی 1447ھ | شمارہ نمبر 325

# بلوچستان حکومت صوبے کی ترقی کیلئے بھرپور کردار ادا کر رہی ہے، ایاز صادق

**وزیر اعلیٰ کی تبدیلی افواہیں بے بنیاد**

**سرفراز بگٹی کی اسپیکر قومی اسمبلی سے ملاقات، بلوچستان کی سیاسی و ترقیاتی صورتحال پر تبادلہ خیال، وفاق ہر سطح پر تعاون جاری رکھے گا**

**صوبے کے عوام اور فورسز دہشتگردی کیخلاف نبرد آزما ہیں، دونوں رہنماؤں کا ترقی اور امن و خوشحالی کے مشترکہ ایجنڈے پر ملکر کام کرنیکا عزم**

اسلام آباد (آن لائن) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق اور وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز احمد بگٹی کے درمیان پارلیمنٹ ہاؤس میں اہم ملاقات ہوئی، جس میں بلوچستان کی سیاسی، سماجی اور ترقیاتی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران اسپیکر ایاز صادق نے وزیر اعلیٰ کی تبدیلی سے متعلق افواہوں کو بے بنیاد قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کی اتحادی حکومت صوبے کی ترقی اور خوشحالی کیلئے بھرپور کردار ادا کر رہی ہے۔ انہوں

بقیہ نمبر 73 صفحہ 5 پر

نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی دراصل پاکستان کی ترقی ہے اور وفاق ہر سطح پر مکمل تعاون جاری رکھے گا۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے صوبے میں جاری عوامی فلاحی سرگرمیوں اور بڑے ترقیاتی منصوبوں کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ وفاق اور صوبوں کے درمیان مضبوط رابطے نہ صرف عوامی مسائل کے بہتر حل میں مدد دیتے ہیں بلکہ قومی یکجہتی کا ذریعہ بھی بنتے ہیں۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ بلوچستان کے عوام کے مسائل کو حل کرنا پارلیمان کی اولین ترجیح ہے۔ وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی نے اسپیکر ایاز صادق کی پارلیمانی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا اور بلوچستان اسمبلی میں قانون سازی کے حوالے سے قومی اسمبلی کے تعاون کو سراہا۔ سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام اور سیکورٹی فورسز دہشت گردی کے خلاف بہادری سے نبرد آزما ہیں اور پارلیمان پورے ملک کے صوبوں کی مضبوط آواز ہے۔ دونوں رہنماؤں نے بلوچستان کی ترقی، امن اور خوشحالی کے مشترکہ ایجنڈے پر مل کر کام جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔



اسلام آباد: اسپیکر ایاز صادق سے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ملاقات کر رہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRE[CTORATE] GENERA[L] [PUBLIC] RELATION[S]

نظامت اعلیٰ تع[لقات عامہ] حکومت بلو[چستان]

Bullet No. 1

Page No. 6

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

جلد 29 جمعرات 27 نومبر 2025ء بمطابق 05 جمادی الثانی 1447ھ قیمت 20 روپے شمارہ 324

## میر سرفراز بگٹی کی سپیکر قومی اسمبلی سے ملاقات

# وزیراعلیٰ کی تبدیلی کی افواہیں بے بنیاد، اتحادی حکومت اپنا کردار ادا کرتی رہے گی، ایاز صادق

بلوچستان کی ترقی پاکستان کی ترقی ہے صوبے کے عوام کے مسائل کو حل کرنا اولین ترجیح ہے، صوبے میں بڑے ترقیاتی منصوبے خوش آئند ہیں، وفاق اور صوبوں کے مابین رابطوں کے فروغ سے عوامی مسائل کو حل کرنے میں مدد ملے گی، اسپیکر

پارلیمان صوبوں کی مضبوط آواز ہے اور مشترکہ کوششوں سے ہی قومی یکجہتی کو تقویت دی جا سکتی ہے، صوبے کے عوام اور سیکیورٹی فورسز دہشتگردی کے خلاف بہادری اور ثابت قدمی سے نبرد آزما ہیں، اور امن و استحکام کے لیے تمام ادارے ایک پیج پر ہیں، میر سرفراز بگٹی



اسلام آباد، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسپیکر سردار ایاز صادق سے ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد (خ ن + نیوز ایجنسیاں) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے یہاں پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے اہم ملاقات کی۔ ملاقات میں بلوچستان اسمبلی میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر میر سلیم خان کھوسہ بھی موجود تھے ملاقات میں بلوچستان کی مجموعی سیاسی، سماجی اور ترقیاتی صورتحال پر تفصیل سے تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات میں وفاق اور صوبوں کے مضبوط تعلقات کو قومی یکجہتی اور عوامی فلاح کے لیے ناگزیر قرار دیتے ہوئے بین الصوبائی رابطوں کے فروغ پر خصوصی زور دیا گیا اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کے حوالے سے گردش کرنے والی تبدیلی کی افواہوں کو قطعی طور پر بے بنیاد قرار دیتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی موجودہ اتحادی حکومت صوبے کی ترقی، امن اور خوشحالی کے لیے بھرپور کردار ادا کر رہی ہے انہوں نے بلوچستان کے لیے ہر سطح پر مکمل تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی ترقی دراصل پاکستان کی ترقی ہے ملاقات کے دوران بلوچستان میں جاری بڑے ترقیاتی منصوبوں، عوامی فلاح اور وفاقی تعاون پر بھی مفصل گفتگو کی گئی اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ بلوچستان میں جاری میگا پراجیکٹس خوش آئند ہیں اور ان کے ثمرات عوام تک پہنچانے کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ صوبے کے عوام کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے وفاق اور بلوچستان کے مابین قریبی رابطہ کاری مستحکم ہونے سے عوامی مسائل کے حل میں تیزی آئے گی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے اسپیکر قومی اسمبلی کی قیادت، پارلیمانی خدمات اور ایوان کی کارروائی کو خوش اسلوبی سے چلانے پر انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے قومی اسمبلی کی جانب سے بلوچستان کے قانون سازی کے عمل میں فراہم کیے جانے والے تعاون کو بھی سراہا میر سرفراز احمد بگٹی نے کہا کہ پارلیمان صوبوں کی مضبوط آواز ہے اور مشترکہ کوششوں سے ہی قومی یکجہتی کو تقویت دی جا سکتی ہے سیکیورٹی صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبے کے عوام اور سیکیورٹی فورسز دہشتگردی کے خلاف بہادری اور ثابت قدمی سے نبرد آزما ہیں، اور امن و استحکام کے لیے تمام ادارے ایک پیج پر ہیں ملاقات میں دونوں رہنماؤں نے بلوچستان کی ترقی، امن اور خوشحالی کے لیے مشترکہ تعاون اور رابطوں کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔

CamScanner

روزنامہ میزان کوئٹہ

بانی مولانا عبدالکریم

جیف ایڈیٹر .. برکت علی

جلد 77 | جمعرات 27 نومبر 2025ء، 05 جمادی الثانی 1447ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ 86

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز احمد بگٹی کو تبدیل کرنے کی افواہیں بے بنیاد ہیں، وفاق اور صوبوں کے مابین رابطوں کے فروغ سے عوامی مسائل کو حل کرنے میں مدد ملے گی، سپیکر قومی اسمبلی

# پارلیمان صوبوں کی مضبوط آواز ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

بلوچستان کے عوام اور سکیورٹی فورسز دہشتگردی کے خلاف نبرد آزما ہیں، میر سرفراز بگٹی۔ بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کیلئے بلوچستان کی اتحادی حکومت اپنا بھرپور کردار ادا کرتی رہے گی، سردار ایاز صادق کی وزیراعلیٰ بگٹی سے ملاقات میں گفتگو

اسلام آباد / کوئٹہ (آئی این پی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز احمد بگٹی کو تبدیل کرنے کی افواہیں بے بنیاد ہیں، بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کیلئے بلوچستان کی (بقیہ 2 صفحہ 2 پر)



اسلام آباد، اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق اور وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز احمد بگٹی ملاقات کر رہے ہیں

اتحادی حکومت اپنا بھرپور کردار ادا کرتی رہے گی، وفاق اور صوبوں کے مابین رابطوں کے فروغ سے عوامی مسائل کو حل کرنے میں مدد ملے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس سے قبل وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے ملاقات کے لئے پارلیمنٹ ہاؤس پہنچے۔ ملاقات میں بلوچستان کی سیاسی، سماجی اور ترقیاتی صورتحال اور بلوچستان میں جاری عوامی فلاح اور وفاقی تعاون پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ ملاقات کے دوران اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا کہنا تھا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز احمد بگٹی کو تبدیل کرنے کی افواہیں بے بنیاد ہیں بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کیلئے بلوچستان کی اتحادی حکومت اپنا بھرپور کردار ادا کرتی رہے گی، بلوچستان کی ترقی پاکستان کی ترقی ہے بلوچستان میں جاری بڑے ترقیاتی منصوبے خوش آئند ہیں، اسپیکر سردار ایاز صادق نے بلوچستان کیلئے ہر سطح پر مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی اور کہا کہ صوبے کے عوام کے مسائل کو حل کرنا اولین ترجیح ہے وفاق اور صوبوں کے مابین رابطوں کے فروغ سے عوامی مسائل کو حل کرنے میں مدد ملے گی، اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز احمد بگٹی نے اسپیکر قومی اسمبلی کی قیادت اور پارلیمانی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا اور بلوچستان اسمبلی میں ہونے والی قانون سازی میں قومی اسمبلی کے تعاون کو سراہا۔ سرفراز احمد بگٹی نے اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی ایوان کی کارروائی کو خوش اسلوبی سے چلانے کی بھی تعریف کی اور کہا کہ بلوچستان کے عوام اور سکیورٹی فورسز دہشتگردی کے خلاف نبرد آزما ہیں، پارلیمان صوبوں کی مضبوط آواز ہے، دونوں رہنماؤں نے بلوچستان کی ترقی، امن اور خوشحالی کیلئے مل کر کام جاری رکھنے کی ضرورت پر بھی زور دیا اور اس سلسلے میں ہر ممکن تعاون کے عزم کا اظہار کیا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECT
GENERAL
RELATIONS B

نظامت اعلیٰ
حکومت

Bullet No. 1

Page No. 8

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی
صدیق بلوچ

جلد نمبر-24 | جمعرات 27 نومبر 2025ء بمطابق 05 جمادی الثانی 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر-324

# وزیر اعلیٰ بلوچستان اور اسپیکر قومی اسمبلی میں ملاقات، سرفراز بگٹی کی تبدیلی کی افواہیں بے بنیاد ہیں، سردار ایاز صادق

## ملاقات میں بلوچستان کی سیاسی، سماجی اور ترقیاتی صورتحال اور بلوچستان میں جاری عوامی فلاح اور وفاقی تعاون پر تفصیلی گفتگو کی گئی

## بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کیلئے بلوچستان کی اتحادی حکومت اپنا بھرپور کردار ادا کرتی رہے گی، وفاق اور صوبوں کے مابین رابطوں کے فروغ سے عوامی مسائل کو حل کرنے میں مدد ملے گی

## بلوچستان کے عوام اور سیکورٹی فورسز دہشتگردی کے خلاف نبرد آزما ہیں، پارلیمان صوبوں کی مضبوط آواز ہے دونوں رہنماؤں نے بلوچستان کی ترقی، امن اور خوشحالی کیلئے مل کر کام جاری رکھنے کی ضرورت پر بھی زور دیا

اسلام آباد (آئی این پی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز احمد بگٹی کو تبدیل کرنے کی افواہیں بے بنیاد ہیں، بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کیلئے بلوچستان کی اتحادی حکومت اپنا بھرپور کردار ادا کرتی رہے گی، وفاق اور صوبوں کے مابین رابطوں کے فروغ سے عوامی مسائل کو حل کرنے میں مدد ملے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس سے قبل وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسپیکر (بقیہ نمبر 36 صفحہ نمبر 2 پر)

قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے ملاقات کے لئے پارلیمنٹ ہاؤس پہنچے ملاقات میں بلوچستان کی سیاسی، سماجی اور ترقیاتی صورتحال اور بلوچستان میں جاری عوامی فلاح اور وفاقی تعاون پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ ملاقات کے دوران اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز احمد بگٹی کو تبدیل کرنے کی افواہیں بے بنیاد ہیں بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کیلئے بلوچستان کی اتحادی حکومت اپنا بھرپور کردار ادا کرتی رہے گی، بلوچستان کی ترقی پاکستان کی ترقی ہے بلوچستان میں جاری بڑے ترقیاتی منصوبے خوش آئند ہیں، اسپیکر سردار ایاز صادق نے بلوچستان کیلئے ہر سطح پر مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی اور کہا کہ صوبے کے عوام کے مسائل کو حل کرنا اولین ترجیح ہے وفاق اور صوبوں کے مابین رابطوں کے فروغ سے عوامی مسائل کو حل کرنے میں مدد ملے گی، اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز احمد بگٹی نے اسپیکر قومی اسمبلی کی قیادت اور پارلیمانی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا اور بلوچستان اسمبلی میں ہونے والی قانون سازی میں قومی اسمبلی کے تعاون کو سراہا۔ سرفراز احمد بگٹی نے اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی ایوان کی کارروائی کو خوش اسلوبی سے چلانے کی بھی تعریف کی اور کہا کہ بلوچستان کے عوام اور سیکورٹی فورسز دہشتگردی کے خلاف نبرد آزما ہیں، پارلیمان صوبوں کی مضبوط آواز ہے دونوں رہنماؤں نے بلوچستان کی ترقی، امن اور خوشحالی کیلئے مل کر کام جاری رکھنے کی ضرورت پر بھی زور دیا اور اس سلسلے میں ہر ممکن تعاون کے عزم کا اظہار کیا۔



اسلام آباد، وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق ملاقات کر رہے ہیں

DIRECT
GENERAL
RELATIONS
نظامت اعلیٰ
حکومت
Bullet No. 1
Page No. 9

DAILY ZAMANA
روزنامہ زمانہ کوئٹہ
بانی: سید فصیح اقبال
چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین
جلد 80 | جمعرات 27 نومبر 2025ء، 5 جمادی الثانی 1447ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 325

سرفراز بگٹی کی تبدیلی کی افواہیں بے بنیاد ہیں
اسپیکر قومی اسمبلی

# صوبے کے عوام کی فلاح بہبود اولین ترجیح ہے
وزیر اعلیٰ بلوچستان

## بلوچستان کی ترقی دراصل پاکستان کی ترقی ہے اور وفاق ہر سطح پر مکمل تعاون جاری رکھے گا، اسپیکر

### بلوچستان کے عوام اور سیکیورٹی فورسز دہشت گردی کے خلاف بہادری سے نبرد آزما ہیں اور پارلیمان پورے ملک کے صوبوں کی مضبوط آواز ہے

اسلام آباد، کوئٹہ (آن لائن، یو این اے) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق اور وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز احمد بگٹی کے درمیان پارلیمنٹ ہاؤس میں اہم ملاقات ہوئی، جس میں بلوچستان کی سیاسی، سماجی اور ترقیاتی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران اسپیکر ایاز صادق نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کی تبدیلی سے متعلق افواہوں کو بے بنیاد قرار دیتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی اتحادی حکومت صوبے کی ترقی اور خوشحالی کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی دراصل پاکستان کی ترقی ہے اور وفاق ہر سطح پر مکمل تعاون جاری رکھے گا۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے صوبے میں جاری عوامی فلاحی سرگرمیوں اور بڑے ترقیاتی منصوبوں کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ وفاق اور صوبوں کے درمیان مضبوط رابطے نہ صرف عوامی مسائل کے بہتر حل میں مدد دیتے ہیں بلکہ قومی یکجہتی کا ذریعہ بھی بنتے ہیں۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ بلوچستان کے عوام کے مسائل کو حل کرنا پارلیمان کی اولین ترجیح ہے۔ وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی نے اسپیکر ایاز صادق کی پارلیمانی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا اور بلوچستان اسمبلی میں قانون سازی کے حوالے سے قومی اسمبلی کے تعاون کو سراہا۔ سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام اور سیکیورٹی فورسز دہشت گردی کے خلاف بہادری سے نبرد آزما ہیں اور پارلیمان پورے ملک کے صوبوں کی مضبوط آواز ہے۔ دونوں رہنماؤں نے بلوچستان کی ترقی، امن اور خوشحالی کے مشترکہ ایجنڈے پر مل کر کام جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔ دریں اثنا اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز احمد بگٹی کی ملاقات پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں ہوئی، جس میں بلوچستان کی سیاسی، سماجی، اقتصادی اور ترقیاتی صورتحال پر تفصیلی اور بامعنی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں وفاق اور صوبے کے درمیان مضبوط رابطے، عوامی مسائل کے حل، اور صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر زور دیا گیا۔ اس موقع پر اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی پاکستان کی ترقی ہے اور صوبے کی اتحادی حکومت عوام کی فلاح و بہبود کے لیے بھرپور کردار ادا کرتی رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں جاری بڑے ترقیاتی منصوبے خوش آئند ہیں اور یہ صوبے کی معاشی اور سماجی ترقی کے لیے سنگ میل ثابت ہوں گے۔ اسپیکر نے یقین دہانی کرائی کہ اسپیکر قومی اسمبلی کی قیادت ہر سطح پر صوبے کی معاونت کے لیے دستیاب ہے اور وفاق اور صوبوں کے مابین رابطوں کو مزید فروغ دیا جائے گا تاکہ عوامی مسائل کے بروقت حل کو یقینی بنایا جا سکے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز احمد بگٹی نے اسپیکر قومی اسمبلی کی قیادت اور پارلیمانی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان اسمبلی میں قانون سازی کے عمل میں قومی اسمبلی کے تعاون سے کام کو بہتر انداز میں آگے بڑھایا جا رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ صوبے کے عوام اور سیکیورٹی فورسز دہشت گردی کے خلاف مسلسل نبرد آزما ہیں، اور وفاقی تعاون سے امن و امان کی صورتحال میں مزید بہتری ممکن ہے۔ ملاقات کے دوران دونوں رہنماں نے صوبے میں جاری عوامی فلاحی منصوبوں، بنیادی ڈھانچے کی بہتری، تعلیم و صحت کے شعبوں میں ترقی، سڑکوں، پلوں اور دیگر انفراسٹرکچر کی ترقی کے اقدامات پر بھی تفصیلی بات چیت کی۔ انہوں نے بلوچستان میں جاری بڑے ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل اور مستقبل میں نئے منصوبوں کے آغاز کو یقینی بنانے کے لیے مشترکہ حکمت عملی پر اتفاق کیا۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ اسپیکر قومی اسمبلی کی رہنمائی میں بلوچستان کے عوام کے مسائل کو ترجیح دی جائے گی اور صوبے کی سیاسی، سماجی اور اقتصادی ترقی کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ وفاق اور صوبوں کے درمیان مضبوط رابطے عوامی مسائل کے حل میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں اور اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ عوام کو ہر سطح پر سہولیات اور ترقیاتی فوائد پہنچیں۔



اسلام آباد، اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ملاقات کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 10


روزنامہ
Daily Qudrat Quetta
قدرت کوئٹہ
صفحات 8 قیمت 15 روپے
چیف ایڈیٹر نعمت اللہ
جلد 21 | جمعرات 27 نومبر 2025، 05 جمادی الثانی 1447ھ | شمارہ 227


# بلوچستان کے عوام و سیکیورٹی فورسز دہشتگردی کیخلاف نبرد آزما ہیں

ایاز صادق

## صوبے کے عوام اور سیکیورٹی فورسز دہشت گردی کے خلاف مسلسل نبرد آزما ہیں، وزیر اعلیٰ سرفراز احمد بگٹی

## وفاق اور صوبوں کے درمیان مضبوط رابطے عوامی مسائل کے حل میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں

اسلام آباد، کوئٹہ (یو این اے) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز احمد بگٹی کی ملاقات پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں ہوئی، جس میں بلوچستان کی سیاسی، سماجی، اقتصادی اور ترقیاتی صورتحال پر تفصیلی اور بامعنی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں

بقیہ 4 صفحہ 6 پر



اسلام آباد، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے ملاقات کر رہے ہیں۔

وفاق اور صوبے کے درمیان مضبوط رابطے، عوامی مسائل کے حل، اور صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر زور دیا گیا۔ اس موقع پر اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی پاکستان کی ترقی ہے اور صوبے کی اتحادی حکومت عوام کی فلاح و بہبود کے لیے بھرپور کردار ادا کرتی رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں جاری بڑے ترقیاتی منصوبے خوش آئند ہیں اور یہ صوبے کی معاشی اور سماجی ترقی کے لیے سنگ میل ثابت ہوں گے۔ اسپیکر نے یقین دہانی کرائی کہ اسپیکر قومی اسمبلی کی قیادت ہر سطح پر صوبے کی معاونت کے لیے دستیاب ہے اور وفاق اور صوبوں کے مابین رابطوں کو مزید فروغ دیا جائے گا تاکہ عوامی مسائل کے بروقت حل کو یقینی بنایا جا سکے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز احمد بگٹی نے اسپیکر قومی اسمبلی کی قیادت اور پارلیمانی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان اسمبلی میں قانون سازی کے عمل میں قومی اسمبلی کے تعاون سے کام کو بہتر انداز میں آگے بڑھایا جا رہا ہے۔



اسلام آباد، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے مصافحہ کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE
DIRECTO[...] GENERAL O[...] RELATIONS BA[...]
نظامت اعلیٰ ... حکومت
Bullet No. 1
Page No. 11

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA
روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ
چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر
جلد 28 | Ph :2839851 | FaX:2839867 | قیمت 15 روپے | MEMBER OF APNS | شمارہ 280
جمعرات 27 نومبر 2025ء | 5 جمادی الثانی | 1447ھ | رجسٹرڈ ڈی سی بی-10

بلوچستان کے عوام اور سیکورٹی فورسز دہشتگردی کیخلاف نبرد آزما، پارلیمان صوبوں کی مضبوط آواز ہے، سرفراز بگٹی

# وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی کو تبدیل کرنے کی افواہیں بے بنیاد ہیں، ایاز صادق

بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کیلئے اتحادی حکومت اپنا بھرپور کردار ادا کرتی رہے گی، بڑے منصوبے خوش آئند ہیں، اسپیکر کی وزیر اعلیٰ سے گفتگو

اسلام آباد (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے یہاں پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے اہم ملاقات کی ملاقات میں بلوچستان اسمبلی میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر میر سلیم خان کھوسہ بھی موجود تھے ملاقات میں بلوچستان کی مجموعی سیاسی، سماجی اور ترقیاتی صورتحال پر تفصیل سے تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات میں وفاق اور صوبوں کے مضبوط تعلقات کو قومی یکجہتی اور عوامی فلاح کے لیے ناگزیر قرار دیتے ہوئے بین الصوبائی رابطوں کے فروغ پر خصوصی زور دیا گیا اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کے حوالے سے گردش کرنے والی تبدیلی کی افواہوں کو قطعی طور پر بے بنیاد قرار دیتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی موجودہ اتحادی حکومت صوبے کی ترقی، امن اور خوشحالی کے لیے بھرپور کردار ادا کر رہی ہے انہوں نے بلوچستان کے لیے ہر سطح پر مکمل تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی ترقی دراصل پاکستان کی ترقی ہے ملاقات کے دوران بلوچستان میں جاری بڑے ترقیاتی منصوبوں، عوامی فلاح اور وفاقی تعاون پر بھی مفصل گفتگو کی گئی اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ بلوچستان میں جاری میگا پراجیکٹس خوش آئند ہیں اور ان کے ثمرات عوام تک پہنچانے کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ صوبے کے عوام کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے وفاق اور بلوچستان کے مابین قریبی رابطہ کاری مستحکم ہونے سے عوامی مسائل کے حل میں تیزی آئے گی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے اسپیکر قومی اسمبلی کی قیادت، پارلیمانی خدمات اور ایوان کی کارروائی کو خوش اسلوبی سے چلانے پر انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے قومی اسمبلی کی جانب سے بلوچستان کے قانون سازی کے عمل میں فراہم کیے جانے والے تعاون کو بھی سراہا میر سرفراز احمد بگٹی نے کہا کہ پارلیمان صوبوں کی مضبوط آواز ہے اور مشترکہ کوششوں سے ہی قومی یکجہتی کو تقویت دی جا سکتی ہے سیکیورٹی صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبے کے عوام اور سیکیورٹی فورسز دہشتگردی کے خلاف بہادری اور ثابت قدمی سے نبرد آزما ہیں، امن و استحکام کے لیے تمام ادارے ایک پیج پر ہیں ملاقات میں دونوں رہنماؤں نے بلوچستان کی ترقی، امن اور خوشحالی کے لیے مشترکہ تعاون اور رابطوں کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا



اسلام آباد، اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ملاقات کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily FOUNDED BY SIDDIQ BALUCH
Bullet No. 1 12
Balochistan Express
Quetta

# CM, NA Speaker stress centre-province coordination on Balochistan issues

ISLAMABAD: Balochistan Chief Minister Sarfraz Ahmed Bugti met National Assembly Speaker Sardar Ayaz Sadiq at Parliament House here Wednesday, where they engaged in a comprehensive discussion on Balochistan's political, social and developmental matters.

During the meeting, the Speaker categorically dismissed the circulating rumors regarding the replacement of the Chief Minister of Balochistan, terming them baseless and unfounded. He affirmed that the coalition government in Balochistan would continue to play its full role in ensuring the province's development and prosperity.

The NA Speaker reiterated that the progress of Pakistan was directly linked with the progress of Balochistan. He emphasized that the ongoing mega development projects in the province were a positive sign and assured the Chief Minister of full cooperation at all levels for the welfare and uplift of the people of Balochistan.

Speaker Sardar Ayaz Sadiq further stated that resolving the issues faced by the people of Balochistan remains a top priority. He added that strengthening coordination between the federation and the provinces would significantly help address public concerns and improve service delivery.

Both leaders agreed on the need to continue working together for the development, peace, and prosperity of Balochistan.

Chief Minister Sarfraz Ahmed Bugti lauded the leadership and role of Speaker Sardar Ayaz Sadiq. He also appreciated the National Assembly's support in facilitating legislative processes in the Balochistan Assembly and acknowledged the Speaker's effective conduct of House proceedings.

The chief minister highlighted that the people of Balochistan, along with the security forces, are courageously standing against terrorism. He noted that Parliament serves as the strongest voice for the provinces in addressing national challenges.-APP

CamScanner

CLIPPING SERVICE


# Balochistan Times

92 NEWS MEDIA GROUP

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk @BTimes_pk

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1292 QUETTA Thursday November 27, 2025 / Jumadi ul-Thani 05, 1447


13



ISLAMABAD: Chief Minister Sarfraz Ahmed Bugti exchanging views with National Assembly Speaker Sardar Ayaz Sadiq at Parliament House on Wednesday.

# NA Speaker, CM Bugti discuss key issues

**Staff Report**

**ISLAMABAD:** Balochistan Chief Minister Sarfraz Ahmed Bugti met National Assembly Speaker Sardar Ayaz Sadiq at Parliament House here Wednesday, where they engaged in a comprehensive discussion on Balochistan's political, social and developmental matters.

During the meeting, the Speaker categorically dismissed the circulating rumors regarding the replacement of the Chief Minister of Balochistan, terming them baseless and unfounded. He affirmed that the coalition government in Balochistan would continue to play its full role in ensuring the province's development and prosperity.

The NA Speaker reiterated that the progress of Pakistan was directly linked with the progress of Balochistan. He emphasized that the ongoing mega development projects in the province were a positive sign and assured the Chief Minister of full cooperation at all levels for the welfare and uplift of the people of Balochistan.

Speaker Sardar Ayaz Sadiq further stated that resolving the issues faced by the people of Balochistan remains a top priority. He added that strengthening coordination between the federation and the provinces would significantly help address public concerns and improve service delivery.

Both leaders agreed on the need to continue working together for the development, peace, and prosperity of Balochistan.

Chief Minister Sarfraz Ahmed Bugti lauded the leadership and role of Speaker Sardar Ayaz Sadiq. He also appreciated the National Assembly's support in facilitating legislative processes in the Balochistan Assembly and acknowledged the Speaker's effective conduct of House proceedings.

The Chief Minister highlighted that the people of Balochistan, along with the security forces, are courageously standing against terrorism. He noted that Parliament serves as the strongest voice for the provinces in addressing national challenges.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 27 NOV 2025 Page No. 14

## مسلم لیگ (ن) نے ملک کی تعمیر وترقی کیلئے اہم کردار ادا کیا ہے، مشیر ماحولیات

**پارٹی کے تمام کارکن بلدیاتی انتخابات میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں، نسیم الرحمٰن ملا خیل کی بات چیت**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما صوبائی مشیر ماحولیات وکوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات کے لئے پارٹی کی کمیٹی کے چیئرمین نسیم الرحمٰن ملا خیل نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) جب بھی اقتدار میں آئی ہے اس نے ملک کی تعمیر وترقی ، بہتری ، امن خوشحالی کیلئے اہم کردار ادا کیا ہے بلدیاتی انتخابات میں پارٹی کے تمام کارکن بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور پارٹی امیدواروں کو کامیاب کرائیں یہ باتیں انہوں نے پارٹی کے سینئر رہنما فرید افغان کی رہائش گاہ پر امیدواروں سے بات چیت کرتے ہوئے کہیں اس موقع پر محمد یونس بلوچ ، میر حاجی نور اللہ لہڑی ، میر سجاد رئیسانی ، چوہدری شبیر احمد ، ارباب اقبال کاسی ، جہانگیر خان خروٹی ، منان درانی ، شاکر محمد حسنی سمیت دیگر موجود تھے انہوں نے کہا کہ بلدیاتی انتخابات میں پارٹی کی کامیابی کیلئے پارٹی رہنماؤں اور کارکنوں کو بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا کوئٹہ کا میئر مسلم لیگ (ن) سے لائیں گے تا کہ کوئٹہ کی حالت زار کو بہتر بنایا اور عوام کے دیرینہ مسائل کو حل کیا جاسکے۔

MASHRIQ QUETTA

## بلوچستان ایک نئے ترقیاتی دور میں داخل ہورہا ہے، میر سلیم کھوسہ

**حکومت ترجیحات کی بنیاد پر عملی کام کو فوقیت دے رہی ہے، صوبائی وزیر مواصلات**

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی پارلیمانی لیڈر اور وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم خان کھوسہ نے کہا ہے کہ بلوچستان ایک نئے ترقیاتی دور میں داخل ہورہا ہے جہاں حکومت ترجیحات کی بنیاد پر عملی کام کو فوقیت دے رہی ہے۔ مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عوام کی آواز ہی حکومتی فیصلوں کی اصل رہنمائی کرتی ہے.........

بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

اور ہم صوبے کو ترقی ، شفافیت اور امن کا مضبوط مرکز بنانے کے لیے پرعزم ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ صوبے کے مسائل محض فائلوں میں نہیں نمٹائے جائیں گے بلکہ عوام کے درمیان جا کر ان کے مسائل کا حل تلاش کیا جائے گا عوامی شکایات کے فوری ازالے اور مؤثر جوابدہی کے لیے نیا نظام متعارف کرایا جارہا ہے

## سیاست کو عبادت سمجھ کر عوام کی خدمت کا تہیہ کیا ہے، بخت محمد کاکڑ

**مجموعی ترقی کے لیے مختلف ترقیاتی منصوبوں پر کام تیزی سے جاری ہے**

کوئٹہ (اے پی پی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے رات گئے نواں کلی مین روڈ پر جاری ترقیاتی کاموں کا اچانک دورہ کیا ، جہاں انہوں نے میٹیریل کے معیار ، کام کی نوعیت اور مجموعی رفتار کا تفصیلی جائزہ لیا۔ متعلقہ حکام نے وزیر صحت کو جاری منصوبے کے تمام تکنیکی پہلوؤں پر بریفنگ بھی دی۔ بخت محمد کاکڑ نے ترقیاتی.........

بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

پیشرفت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ نواں کلی مین روڈ کی بہتری عوام کا دیرینہ مطالبہ تھا، جسے حکومت نے ترجیحی بنیادوں پر شروع کیا ہے اور اسے بلا تاخیر پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ منصوبے کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ قبول نہیں کیا جائے گا۔ صوبائی وزیر کا کہنا تھا کہ سیاست کو عبادت سمجھ کر عوام کی خدمت کا تہیہ کیا ہے۔ عوام کی معیار زندگی بہتر بنانے کے لیے مختلف ترقیاتی منصوبوں پر کام تیزی سے جاری ہے۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ صبر واستقامت کا مظاہرہ کرتے ہوئے حکومتی اقدامات کا ساتھ دیں اور مخالفین کے بے بنیاد پروپیگنڈے اور جھوٹے الزامات پر کان نہ دھریں۔

CamScanner

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 27 NOV 2025 Page No. 15

## ترقیاتی منصوبوں کی بروقت اور شفاف تکمیل ضروری ہے، چیف سیکرٹری

### حکومت عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے اقدامات کررہی ہے، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیرصدارت اسٹریٹیجک پراجیکٹس کے اوورسائٹ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں ترقیاتی منصوبوں میں پیشرفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیف سیکرٹری نے کہا کہ اسٹریٹیجک منصوبوں کی اہمیت بہت زیادہ ہے کیونکہ یہ ترقی، اقتصادی استحکام اور عوامی فلاح و بہبود میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ ان منصوبوں کی بروقت اور شفاف تکمیل کو یقینی بنانا ضروری ہے تاکہ مقررہ وقت پر نتائج حاصل ہوسکیں اور عوام کو ان کے حقوق ملیں۔ منصوبوں میں شفافیت، معیار اور بروقت تکمیل کے ذریعے عوام کا اعتماد بڑھتا ہے اور ترقیاتی مقاصد موثر طور پر پورے ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی مزید بہتری کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ چیف سیکرٹری نے ہدایت کی مقررہ مدت میں ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کو یقینی بنایا جائے۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکریٹری ترقیات زاہد سلیم، ایڈیشنل چیف سیکریٹری داخلہ محمد حمزہ شفقات اور متعلقہ سیکریٹریز نے شرکت کی۔



چیف سیکرٹری شکیل قادر خان صوبے میں اسٹریٹیجک پروجیکٹس کے اوورسائٹ کمیٹی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

MASHRIQ QUETTA

## اقتصادی استحکام اور عوامی فلاح میں اسٹریٹیجک منصوبوں کا کلیدی کردار ہے، چیف سیکرٹری

### اسٹریٹیجک منصوبے صحت، تعلیم، اور معاشی مواقع میں بہتری لاتے ہیں اور طویل مدتی خوشحالی کی بنیاد ڈالتے ہیں، شکیل قادر خان

### ان منصوبوں کی بروقت اور شفاف تکمیل کو یقینی بنانا ضروری ہے تاکہ مقررہ وقت پر نتائج حاصل ہوسکیں اور عوام کو ان کے حقوق ملیں

### منصوبوں میں شفافیت، معیار اور بروقت تکمیل کے ذریعے عوام کا اعتماد بڑھتا ہے اور ترقیاتی مقاصد موثر طور پر پورے ہوتے ہیں

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیرصدارت اسٹریٹیجک پراجیکٹس کے اوورسائٹ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں ترقیاتی منصوبوں میں پیشرفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیف سیکرٹری نے کہا کہ اسٹریٹیجک منصوبوں کی اہمیت بہت زیادہ ہے کیونکہ یہ ترقی، اقتصادی استحکام اور عوامی فلاح و بہبود میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ ان منصوبوں کی بروقت اور شفاف تکمیل کو یقینی بنانا ضروری ہے تاکہ مقررہ وقت پر نتائج حاصل ہوسکیں اور عوام کو ان کے حقوق ملیں۔ منصوبوں میں شفافیت، معیار اور بروقت.........

بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

تکمیل کے ذریعے عوام کا اعتماد بڑھتا ہے اور ترقیاتی مقاصد موثر طور پر پورے ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی مزید بہتری کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ اسٹریٹیجک منصوبے صحت، تعلیم، اور معاشی مواقع میں بہتری لاتے ہیں اور طویل مدتی خوشحالی کی بنیاد ڈالتے ہیں۔ ایسے منصوبے غربت کم کرنے، معاشرتی سہولتوں کی فراہمی اور سماجی فلاح و بہبود کو فروغ دینے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔ چیف سیکرٹری نے ہدایت کی مقررہ مدت میں ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کو یقینی بنایا جائے۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکریٹری ترقیات زاہد سلیم، ایڈیشنل چیف سیکریٹری داخلہ محمد حمزہ شفقات اور متعلقہ سیکریٹریز نے شرکت کی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 27 NOV 2025

Page No. 17

## نادرا اور محکمہ بلدیات کے مشترکہ رجسٹریشن ون ونڈو کاؤنٹر کا افتتاح

### یونین کونسل کی سطح پر مراکز قائم ہونگے جہاں متنوع رجسٹریشن کی سہولیات یکجا میسر ہونگی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں شہری سہولیات کی جدید اور منظم فراہمی کے سلسلے میں ایک اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، جہاں نادرا اور محکمہ بلدیات و دیہی ترقی کے اشتراک سے یونین کونسل سطح پر مشترکہ رجسٹریشن ون ونڈو کاؤنٹر اور تھرو رجسٹریشن سینٹر کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا۔ افتتاحی تقریب میں معاون خصوصی وزیر اعلیٰ برائے بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ بابا امیر حمزہ ........ بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

زہری نے کی۔ تقریب میں سیکرٹری بلدیات عبدالرؤف بلوچ، ایڈیشنل سیکرٹری ثناء اللہ خان، ڈائریکٹر جنرل لوکل گورنمنٹ محمد ایوب قریشی، ڈائریکٹر جنرل نادرا نوید جان صاحبزادہ، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ بورڈ شجاعت علی، ڈاکٹر نوشین خان (ڈپٹی ڈائریکٹر MCQ)، سی آر وی ایس فوکل پرسن سید عباس آغا، سیکشن آفیسر افتخار زہری، اسسٹنٹ ڈائریکٹر (ال) محمد جنید سمیت دیگر متعلقہ حکام اور نمائندگان کوئٹہ آن لائن نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران بتایا گیا کہ یہ ون ونڈو کاؤنٹر ایک جامع اقدام کا حصہ ہے جس کے تحت نادرا اور محکمہ بلدیات مل کر یونین کونسل سطح پر ایسے مراکز قائم کر رہے ہیں جہاں شناختی کارڈ، ایف آر سی، بی فارم، پیدائش رجسٹریشن اور دیگر اہم شہری رجسٹریشن کی سہولیات ایک ہی جگہ میسر ہوں گی۔ اس اقدام کا مقصد شہریوں، خصوصاً دور دراز علاقوں کے رہائشیوں کو ضروری خدمات ان کی دہلیز پر فراہم کرنا اور طویل سفر کی مشکلات کو کم کرنا ہے۔ اس منصوبے سے صوبے میں بہتر قومی ڈیٹا بیس نظام، شفاف سروس ڈیلیوری، نادرا اور لوکل کونسلز کے درمیان مربوط کوآرڈینیشن اور عوامی سہولیات کے لیے ڈیجیٹل گورننس کو فروغ ملے گا۔

## بلیلی روڈ ترقیاتی کام کی بروقت تکمیل یقینی بنائی جائے، ڈی سی کوئٹہ

### دونوں اطراف کی سڑک کو ٹریفک کے لیے کھولنے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں

کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے آج یہاں بلیلی روڈ پر جاری تعمیراتی کام کا دورہ کرتے ہوئے منصوبے کی رفتار اور معیار کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر نیشنل ہائی وے اتھارٹی (NHA) کے افسران اور انجینئرز نے ڈپٹی کمشنر کو منصوبے کے بارے میں پیش رفت، درپیش چیلنجز اور تکمیل کے متوقع شیڈول سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر نے خود ناصر سے لے کر بابا آغا تک سڑک کے مختلف حصوں کا معائنہ کیا اور جاری کام کا باریک بینی سے جائزہ ........ بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

لیا۔ انہوں نے فیلڈ اسٹاف اور منصوبے سے وابستہ تمام متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ سڑک کے تعمیراتی کام میں مزید تیزی لائی جائے تاکہ عوام کو درپیش مشکلات میں کمی لائی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ بلیلی روڈ شہر کی اہم مصروف گزرگاہ ہے اس لیے اس کی بروقت تکمیل نہایت ضروری ہے۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ کیے بغیر تعمیراتی کام کو جلد از جلد پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے ٹریفک کی روانی سے متعلق جاری مسائل کا بھی جائزہ لیا

## حفاظتی ٹیکے بچوں کی صحت اور محفوظ مستقبل کیلئے ضروری ہیں، ڈی سی کوئٹہ

### مہم کی انتظامیہ کی نگرانی اور تعاون کیلئے بھرپور اقدامات کرنے کی، تمام اسٹیک ہولڈرز اس قومی مقصد کو کامیاب بنائیں

### کوئی بچہ ویکسینیشن سے محروم نہ رہے اور والدین میں زیادہ سے زیادہ آگاہی پیدا کرنے کیلئے واضح ہدایت کی ہے، مہراللہ بادینی

کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت خسرہ اور روبیلا سے بچاؤ کی قومی مہم کے حوالے سے اجلاس ہوا۔ جس میں اسسٹنٹ کمشنر سٹی، ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر سٹی، مینیجر ای پی آئی، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر، پرائیویٹ اسکول ایسوسی ایشن کے عہدیداران سمیت متعلقہ اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں 9 ماہ سے 5 سال تک کے بچوں کو خسرہ اور روبیلا کے حفاظتی ٹیکے لگانے کی مہم کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر متعلقہ افسران نے مہم کی موجودہ پیش رفت اور درپیش چیلنجز سے ڈپٹی کمشنر کو آگاہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ خسرہ اور روبیلا سے بچاؤ کے حفاظتی ٹیکے بچوں کی صحت اور محفوظ مستقبل کے لیے انتہائی ضروری ہیں۔ انہوں نے محکمہ صحت اور تعلیم کو ہدایت کی کہ مہم کے دوران کوئی بھی بچہ ویکسینیشن سے محروم نہ رہنے دیا جائے اور والدین میں زیادہ سے زیادہ آگاہی پیدا کی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ضلعی انتظامیہ مہم کی نگرانی اور تعاون کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے اور تمام اسٹیک ہولڈرز باہمی رابطے کے ذریعے اس قومی مقصد کو کامیاب بنائیں۔ اجلاس کے شرکاء نے مہم کی کامیابی کے لیے مکمل تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے گھر گھر آگاہی، اسکولوں میں ویکسینیشن ٹیموں کی موثر تعیناتی اور مذہبی، سماجی و کمیونٹی سطح پر معلوماتی سرگرمیوں کو تیز کرنے پر اتفاق کیا۔ ڈپٹی کمشنر مہراللہ بادینی نے کہا کہ عوامی شراکت اور تعاون کے ذریعے خسرہ اور روبیلا جیسے امراض کا خاتمہ ممکن بنایا جا سکے گا اور بچوں کو صحت مند مستقبل فراہم کیا جا سکے گا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 27 NOV 2025 Page No. 18

# کوئٹہ میں الیکٹرک وہیکلز اور پیپلز ٹرین سروس منصوبوں پر عملدرآمد شروع

**عوام کو بہتر سفری سہولیات میسر آئینگی، کمشنر**

**تمام محکمے اپنے ترقیاتی منصوبوں پر جلد از جلد عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے مقررہ مدت کے اندر منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچائیں، کمشنر شاہزیب خان کاکڑ**

**اجلاس میں ٹینڈرنگ، فنڈز اور مسائل پر بریفنگ، پانی کی اسکیمیں ڈسٹرکٹ واٹر کمیٹی کی منظوری سے مشروط، صحت و تعلیم منصوبوں کو ترجیح، غیر حاضر افسران پر سخت برہمی**

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی زیر صدارت پی ایس ڈی پی کی نئی ترقیاتی اسکیمات پر پیشرفت کا جائزہ لینے کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی، ڈویژنل ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ ظہور احمد سمیت محکمہ زراعت، کالجز، ثقافت، آبپاشی، ماحولیات، لیبر، لوکل گورنمنٹ، اقلیتی امور، توانائی، پرائمری ایجوکیشن، پی ایچ ای، ٹرانسپورٹ، کیو ڈی اے اور واسا کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں کوئٹہ ڈسٹرکٹ کے پی ایس ڈی پی میں شامل 114 نئی ترقیاتی اسکیمات پر متعلقہ محکموں نے کمشنر ڈویژن کو تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے ٹینڈرنگ، فنڈز کے اجرا

بقیہ نمبر 18 صفحہ 5 پر

اور درپیش مسائل سے آگاہ کیا۔ کمشنر کوئٹہ شاہزیب خان کاکڑ نے ہدایت کی کہ تمام محکمے اپنے ترقیاتی منصوبوں پر جلد از جلد عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے مقررہ مدت کے اندر منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچائیں۔ انہوں نے تعطل کا شکار منصوبوں کے مسائل فوری حل کر کے انہیں بھی فعال کرنے کی تاکید کی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ پینے کے پانی اور واٹر سپلائی سے متعلق اسکیموں کے لیے تمام متعلقہ محکموں کو ڈسٹرکٹ واٹر کمیٹی سے لازمی اجازت حاصل کرنا ہوگی، بصورت دیگر کمیٹی کی منظوری کے بغیر پی ایس ڈی پی کے تحت اسکیموں پر عملدرآمد روک دیا جائے گا۔ اجلاس کے دوران صحت، تعلیم اور پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کرنے پر زور دیا گیا، جبکہ روڈ سیکٹر سمیت دیگر ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار تیز کرنے کی ہدایت بھی جاری کی گئی۔ کمشنر نے ڈپلیکیٹ منصوبوں کے خاتمے اور اجتماعی نوعیت کے منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنانے پر بھی زور دیا۔ محکمہ ٹرانسپورٹ کی جانب سے گرین بس سروس اور پبلک ٹرانسپورٹ سے متعلق منصوبوں پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ منصوبے میں 21 نئی بسوں کا اضافہ کیا جا رہا ہے، جن میں 17 گرین اور 5 پنک بسیں کوئٹہ کے لیے جبکہ 4 بسیں تربت کے لیے مختص کی گئی ہیں۔ اس کے علاوہ شہر میں الیکٹرک وہیکلز اور پیپلز ٹرین سروس منصوبوں پر بھی عملدرآمد شروع کر دیا گیا ہے۔ کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے اجلاس میں شریک نہ ہونے والے متعلقہ محکموں کے افسران پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان محکموں کے سیکرٹریز کو مراسلہ لکھ کر رپورٹ بھیجی جائے۔ کمشنر نے کہا کہ منصوبوں سے عوام کو ریلیف ملے گا۔

# گوادر فری زون میں چینی کمپنی کی سرمایہ کاری میں گہری دلچسپی

**چیئرمین جی پی اے نورالحق بلوچ سے XinxuShandong کے وفد کی ملاقات**

**پروسیسنگ یونٹ، کولڈ اسٹوریج، صنعتی شیڈز اور مکران میں پہلی سیمنٹ فیکٹری پر گفتگو**

گوادر (بیورو رپورٹ) چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ سے چین کی معروف کمپنی InternationaKinxuShandong LtdCorporation کے نمائندہ وفد نے اسلام آباد میں جی پی اے آفس میں ملاقات کی۔ وفد کی قیادت کمپنی کے آپریشنل منیجر عمیر ارشد نے کی۔ ملاقات میں گوادر کے نارتھ فری زون میں سرمایہ کاری، صنعتی ڈھانچے کی تعمیر، لاجسٹک سہولیات کے قیام اور مختلف تجارتی مواقع پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد نے

بقیہ نمبر 22 صفحہ 5 پر

جی پی اے کو آگاہ کیا کہ Group XinxuShandong نے حال ہی میں گوادر پورٹ کا دورہ کیا ہے، جس کے بعد کمپنی نے متعدد سرمایہ کاری منصوبوں پر فزیبلٹی کا ابتدائی جائزہ شروع کر دیا ہے۔ چینی کمپنی کے نمائندوں نے کہا کہ وہ گوادر میں ایک جدید ایکسپورٹ بیسڈ پروسیسنگ یونٹ، کولڈ اسٹوریج اور صنعتی شیڈز کے قیام میں دلچسپی رکھتے ہیں، جس سے نہ صرف روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے بلکہ فری زون میں کاروباری اور تجارتی سرگرمیوں میں اضافہ بھی ہوگا۔ ملاقات میں مکران میں پہلی سیمنٹ فیکٹری کے قیام کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیئرمین نورالحق بلوچ نے وفد کو گوادر پورٹ، فری زون فیز (II)، نارتھ فری زون، دستیاب سہولیات، انفراسٹرکچر اور مختلف سرمایہ کار دوست پالیسیوں سے آگاہ کیا۔ چیئرمین نورالحق بلوچ نے کہا کہ گوادر پورٹ علاقائی کنیکٹیویٹی اور تجارت کا نیا ابھرتا ہوا اقتصادی مرکز ہے، جہاں بین الاقوامی سرمایہ کاروں کے لیے بے شمار مواقع موجود ہیں۔ چیئرمین نورالحق بلوچ نے یقین دلایا کہ جی پی اے سرمایہ کاری کے عمل میں ہر ممکن معاونت فراہم کرے گا اور ترجیحی بنیادوں پر ضروری اقدامات کا جائزہ لے گا۔

# بلوچستان میں دہشتگردانہ حملوں کی زیادتی، ریکوڈک میں سیکیورٹی بڑا مسئلہ، سی ای او بیرک

**تانبے کی کان سے وابستہ اپنے عزم پر قائم، منصوبے کیلئے ریلوے لائن کی اپ گریڈیشن بھی ضروری ہے، مارک بل کی گفتگو**

**بیرک بورڈ کا کمپنی کے اثاثے تقسیم کرنے کے امکان پر غور، ریکوڈک کان اور کمپنی کے افریقی اثاثوں کی فروخت کا امکان بھی شامل، برطانوی خبر رساں ادارہ**

لندن، اسلام آباد (آئی این پی) بیرک مائننگ کارپوریشن کے عبوری چیف ایگزیکٹو آفیسر (سی ای او) مارک بل نے کہا ہے کہ کمپنی پاکستان میں ریکوڈک تانبے کی کان سے وابستہ اپنے عزم پر قائم ہے۔ برطانوی خبر رساں ادارے سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بیرک ریکوڈک منصوبے اور پاکستان کے ساتھ اپنے عزم پر قائم ہے۔ بلوچستان میں تواتر کے ساتھ دہشت گرد حملے ہوتے رہتے ہیں، جس کے باعث کان کے لیے سیکیورٹی ایک بڑا مسئلہ ہے۔ منصوبے کیلئے ریلوے لائن کی اپ گریڈیشن بھی ضروری ہے تاکہ تانبے کے کنسنٹریٹ کو پراسیسنگ کیلئے کراچی منتقل

بقیہ نمبر 59 صفحہ 5 پر

کیا جا سکے۔ ان کا بیان کمپنی کی ممکنہ واپسی کی خبروں کے بعد سامنے آیا ہے۔

خبر رساں ادارے کے مطابق بلوچستان کے دور دراز اور شورش زدہ مغربی صوبے میں واقع 7 ارب ڈالر مالیت کا یہ منصوبہ کمپنی اور پاکستانی حکام کے درمیان مساوی شراکت داری پر مبنی ہے اور توقع ہے کہ 2028 کے اختتام تک اس کی پیداوار شروع ہو جائے گی۔ رپورٹ کے مطابق بیرک کے بورڈ نے کمپنی کے اثاثے تقسیم کرنے کے امکان پر غور کیا ہے، جس میں ریکوڈک کان اور کمپنی کے افریقی اثاثوں کی فروخت کا امکان بھی شامل ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 27 NOV 2025 Page No. 9

## بلوچستان کے سلگتے مسائل پر سب کو آواز اٹھانی چاہیے، ہدایت الرحمٰن

**حکومتیں دیانتدار ہوتیں تو مسائل ختم ہوجاتے، وسائل عوام پر خرچ کیے جائیں، گفتگو**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے عوام کو مسائل، مشکلات اور پریشانی میں دھکیل کر حکومت کرنے کی پالیسی کسی صورت قبول نہیں، وسائل سے مالا مال بلوچستان مقتدر قوتوں و اسلام آباد کے طاقتور طبقات کی لوٹ مار، بے حسی اور غفلت کی وجہ سے امن و روزگار کو ترس رہا ہے، بلوچستان میں حکومتیں دیانتدار ہوتیں تو مسائل ختم ہوجاتے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں اجلاس خطاب اور وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی اہل بلوچستان کے مسائل کو اجاگر اور ان کے حل کیلئے ہر فورم پر آواز اٹھاتی رہے گی، بلوچستان کے سلگتے اجتماعی مسائل پر سب کو عملی اقدامات کیلئے آواز اٹھانا چاہیے۔ جماعت اسلامی کا مطالبہ ہے کہ بلوچستان کے وسائل یہاں کے عوام پر خرچ کیے جائیں، بارڈرز تجارت کے کھول دیے جائیں، لاپتہ افراد بازیاب کیے، بجلی و گیس لوڈشیڈنگ ختم کی، شاہراہوں کی بندش کے بجائے عوام کے مسائل کے حل کیلئے عملی فوری اقدامات اٹھائے جائیں۔

## صوبائی وزراء کو انتخابی امور میں بے جامداخلت سے روکا جائے، جمعیت

**جھوٹے وعدوں اور وقتی اعلانات کے ذریعے عوام کو گمراہ کررہے ہیں، مولانا عبدالرحمن**

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی مین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، حاجی ولی محمد بڑیچ، حاجی ظفر اللہ خان، حافظ سراج الدین، ملک نیک محمد فاروقی، ملی اللہ مینگل اور دیگر نے کہا ہے کہ صوبائی وزراء کو انتخابی امور میں بے جا مداخلت سے فوری طور پر روکا جائے وزراء جھوٹے وعدوں اور وقتی اعلانات کے ذریعے عوام کو گمراہ کرکے انتخابی ماحول کو آلودہ کررہے ہیں۔ عوام کے مسترد شدہ قائش ٹولے کو بلدیاتی انتخابات میں کسی بھی قیمت پر عوام پر مسلط نہیں ہونے دیں گے فارم 47 کی سیاست نے پہلے ہی انتخابی عمل کو متنازع بنا رکھا ہے، انہوں نے کہا کہ افسوسناک امر یہ ہے کہ زمام اقتدار عوام کے حقیقی اور منتخب نمائندوں کے بجائے ایک جعلی اور مسلط کردہ ٹولے کے ہاتھوں میں دے دی گئی ہے جس کا مقصد عوام کے فیصلوں کو کمزور کرنا اور جمہوری نظام کو بے فعال بنانا ہے۔

## ہرنائی میں پرائیویٹ مسلح لشکر تشکیل دینا غیر آئینی ہے، اے این پی

**کول مائنز، لیبر مشینری اور مائننگ کا تحفظ ریاست کی ذمہ داری ہے، ترجمان**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی ترجمان ولی داد میانی نے ضلع ہرنائی میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے کول مائنز اونرز اور ٹھیکیداروں کو مائنز لیبر مشینری اور مائننگ کے تحفظ کے لئے پرائیویٹ مسلح لشکر تشکیل دینے کے احکامات کو غیر آئینی غیر قانونی اور انتہائی تشویش ناک قرار دیا ہے ترجمان نے حکومت بلوچستان اور اعلیٰ انتظامی حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ ان غیر قانونی احکامات کا فوری نوٹس لے کر انہیں واپس لیں، انہوں نے کہا کہ ملکی آئین اور قانون کے مطابق کول مائنز مزدوروں تاجروں اور عوام کی جان و مال کی حفاظت ریاست حکومت اور سیکورٹی اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے اور اسی مقصد کے لیے عوام سے ٹیکسوں کی مد میں سالانہ کھربوں روپے وصول کیے جاتے ہیں ہرنائی کی کول مائننگ سے ہر سال اربوں روپے کی مد میں ایکسائز ٹیکس سیلز ٹیکس اور رائلٹی صوبائی و وفاقی حکومتوں کو جمع ہوتی ہے ترجمان کے مطابق ڈپٹی کمشنر کی جانب سے مائنز اونرز اور ٹھیکیداروں کو مسلح گروہ بنانے کی ہدایات دراصل ریاست حکومت اور ضلعی انتظامیہ کی اپنی آئینی ذمہ داریوں سے دستبرداری کے مترادف ہیں، ترجمان نے تمام جمہوری سیاسی پارٹیوں سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ اس خطرناک منصوبے کے خلاف متحدہ جمہوری آواز بلند کریں اور مشترکہ احتجاج پر غور کریں۔

## ہمارے سیاسی منظرنامے میں قیادت کا بحران ہے، ڈاکٹر عبدالمالک

**ڈاکٹر کہور خان باصلاحیت، متوازن فکر رکھنے والے نظریاتی سیاسی کارکن تھے، خطاب**

تربت (نامہ نگار) نیشنل پارٹی اور بی ایس او پجار کے زیر اہتمام نیشنل پارٹی کے سیکرٹریٹ تربت میں بلوچ دانشور، بی ایس او کے سابق چیئرمین، معروف سیاسی رہنما اور نظریاتی کارکن مرحوم ڈاکٹر کہور خان بلوچ کی یاد میں تعزیتی ریفرنس ہوا تقریب میں سابق سینیٹر کہدہ اکرم دشتی، فنانس سیکرٹری حاجی فدا حسین دشتی، سرتاج گچکی، قادر بخش بلوچ، ڈاکٹر حیات بلوچ، شے مرید رشید، نعیم عادل، جمال شکیل، میڈیا کوآرڈینیٹر حفیظ علی بخش، کونسلرز، چیئرمین اور پارٹی رہنماؤں، سیاسی کارکنوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تعزیتی ریفرنس سے خطاب کرتے ہوئے نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر اور سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ مرحوم ڈاکٹر کہور خان بلوچ ایک باصلاحیت، متوازن فکر رکھنے والے، مدلل اور نظریاتی سیاسی کارکن تھے جنہوں نے اپنی زندگی کا ہر لمحہ جدوجہد، سیاسی تربیت اور عوامی خدمت کے لیے وقف کیا۔ ان کا شمار بلوچستان کے اُن دانشور سیاستدانوں میں ہوتا ہے جنہوں نے نظریے کو ہمیشہ ذاتی مفاد پر ترجیح دی۔ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ آج ہمارے سیاسی منظرنامے میں قیادت کا بحران ہے، متعدد اہم اور قدآور سیاسی رہنما ہم سے بچھڑ چکے ہیں مگر ہم اب تک ان کے نعم البدل پیدا نہیں کر سکے۔ ایسے میں ڈاکٹر کہور خان جیسے فکری اور نظریاتی کارکنوں کی کمی شدت سے محسوس کی جا رہی ہے۔ انہوں نے نوجوانوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ سوشل میڈیا کے بجائے کتب بینی اور تحقیق کو اپنا معمول بنائیں، انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی بلوچستان کے کئی اضلاع میں متحرک اور فعال ہے اور اس کا مضبوط تنظیمی ڈھانچہ سیاسی جدوجہد کا واضح ثبوت ہے۔ انہوں نے پارٹی یونٹس کو ہدایت کی کہ ممبر سازی مہم کو تیز کیا جائے اور ہر سطح پر سیاسی سرگرمیوں کو فروغ دیا جائے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3 Dated 27 NOV 2025 Page No. 26

# جے یو آئی نے ہمیشہ ملکی نظریاتی اور جغرافیائی سرحدوں کا دفاع کیا ہے، مولانا عبدالواسع

تاریخ گواہ ہے کہ ہر نازک مرحلے پر قومی وحدت، فکری استحکام اور ریاستی تسلسل کی حفاظت جے یو آئی نے اپنے سیاسی وجود کی قیمت پر کی ہے

آج بھی ملک کے نوجوانوں کی فکری رہنمائی اور نظریاتی تربیت کرنے والی سب سے موثر اور منظم قوت جمعیت علمائے اسلام ہے، صوبائی امیر

کوئٹہ (آن لائن) امیر جمعیت علمائے اسلام بلوچستان، سینئر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ ملک کی نظریاتی اور جغرافیائی سرحدوں کے دفاع میں جے یو آئی کا کردار سنگِ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ ہر نازک مرحلے پر قومی وحدت، فکری استحکام اور ریاستی تسلسل کی حفاظت جے یو آئی نے اپنے سیاسی وجود کی قیمت پر کی۔ آج بھی ملک کے نوجوانوں کی فکری رہنمائی اور نظریاتی تربیت کرنے والی سب سے موثر اور منظم قوت جمعیت علمائے اسلام ہے۔ انہوں نے کہا کہ جے یو آئی نے ہمیشہ ریاستی اداروں پارلیمنٹ، عدلیہ او........

بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

ر انتظامیہ کے وقار اور تقدس کی مضبوطی کا مقدمہ لڑا۔ ملک کو بحرانوں اور انتشار سے نکالنے کیلئے قائد جمعیت نے نہ صرف پیشگی خبردار کیا بلکہ بروقت سیاسی حکمتِ عملی، مصالحتی کردار اور قومی مفاہمت کی پالیسی کے ذریعے وہ کردار ادا کیا جو حقیقی قیادت کا خاصہ ہوتا ہے۔ لیکن اور یہ ایک کڑوا سچ ہے مسلسل تین انتخابی ادوار سے جمعیت کے واضح، ٹھوس اور عوامی مینڈیٹ پر شب خون مارا جا رہا ہے۔ غیر مقبول، نااہل اور عوامی تائید سے محروم عناصر کو جے یو آئی کے حقیقی مینڈیٹ پر مسلط کر کے ہمارے لاکھوں ووٹرز کی توہین، سیاسی استحقاق کی پامالی اور جمہوریت کے بنیادی اصولوں کا قتل عام کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ دن کی روشنی میں جو سیاسی انجینئرنگ، الیکشن مینجمنٹ، اور اسٹیجڈ مینڈیٹ کا کھیل کھیلا گیا، اس نے نوجوان نسل میں شدید مایوسی، بے اعتمادی اور عدم تحفظ کی فضا پیدا کی۔ الیکشن کے نام پر جو جعلی عمل، بورڈ روم فیصلے، اور اسٹیبلشمنٹ فرینڈلی فارمولا نافذ کیا گیا

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4 Dated. 27 NOV 2025 Page No. 21


## ڈھاڈر: بارودی سرنگ پھٹنے سے 2 بچوں سمیت 3 جاں بحق

**بارودی سرنگ عبدالحئی جتوئی کے گھر میں نصب کی گئی تھی، 3 افراد زخمی بھی ہوئے**

ڈھاڈر (نامہ نگار) ضلع کچھی کی تحصیل سنی میں بارودی سرنگ پھٹنے سے دو بچوں سمیت ایک نوعمر لڑکی جاں بحق اور تین افراد زخمی ہو گئے، تفصیلات کے مطابق ضلع کچھی کی تحصیل سنی میں عبدالحئی جتوئی کے گھر میں بارودی سرنگ کا دھماکہ ہوا قائم مقام ایس پی کچھی جان محمد کھوسہ کے مطابق دو روز قبل نامعلوم افراد نے متاثرہ شخص کے گھر میں بارودی سرنگ بچھائی تھی، جو دھماکے سے پھٹ گیا جس کے نتیجے دو بچوں سمیت ایک نوعمر لڑکی بھی جاں بحق جبکہ تین دیگر افراد زخمی ہو گئے، جاں بحق ہونے والوں میں ندیم احمد، سونا خان اور بی بی بختاور شامل ہیں جن کی عمریں تقریباً 13 سے 14 سال بتائی جاتی ہیں، اطلاع ملتے ہی پولیس نے علاقے کا محاصرہ کیا کر کے زخمیوں کو مقامی سول ہسپتال منتقل کر دیا مزید کارروائی مقامی پولیس کر رہی ہے۔

## تربت، 76 کروڑ مالیت کی منشیات برآمد

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) اینٹی نارکوٹکس گوادر کی تربت کے پہاڑی علاقے میں کارروائی 76 کروڑ مالیت کی 499 کلو اعلیٰ کوالٹی چرس برآمد کر لی ذرائع کے مطابق اسپیشل انویسٹی گیشن سیل گوادر کئی ماہ سے تربت میں فعال ایک بڑی منشیات سمگلنگ تنظیم (DTO) پر نظر رکھے ہوئے تھا جو براہِ چاغی سے منشیات حاصل کر کے پنجگور کے راستے دشت، جیوانی اور پسنی لے جاتی تھی جہاں سے سمندری راستے تیز رفتار بوٹس اور لانچ پر انہیں بیرونِ ملک سمگل کی جاتی تھی، حکام کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ تنظیم نے بڑی مقدار میں منشیات تربت تحصیل آباد کے قریب پہاڑی علاقے میں چھپائی ہوئی ہے جس پر اے این ایف کی ٹیم نے فوری طور پر علاقے کا گھیرا کر کے تفصیلی تلاشی شروع کی اور تلاشی کے دوران کھجور کے پتوں سے بنے دستی چٹائیوں کے نیچے چھپائی گئی 25 بوریوں سے 499 کلوگرام اعلیٰ کوالٹی چرس برآمد ہوئی۔ منشیات کو تحویل میں لے کر پولیس سٹیشن اے این ایف تربت منتقل کر دیا ہے۔ مقدمہ درج کر کے منشیات سمگلنگ نیٹ ورک کے سرغنہ سمیت دیگر ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے جاری ہیں ذرائع نے بتایا کہ پکڑی جانے والے منشیات کی مالیت 76 کروڑ روپے ہے۔

## صوبہ بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائیاں، 35 گرفتار

**منشیات، اسلحہ قبضے میں لے لیا گیا، چوری شدہ اور چھینی گئی گاڑیاں، موبائل بھی برآمد**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبے بھر میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف پولیس کی کارروائیاں، 35 ملزمان کو گرفتار کر کے بھاری تعداد میں اسلحہ منشیات قبضے میں لے لی پولیس کے مطابق اسلحہ میں 28 پستول، ریوالور، 6 ایس ایم جی، 8 رائفل/شاٹ گنز، 708 کارتوس اور 36 میگزین برآمد شامل ہیں مطابق منشیات کے خلاف کی جانے والی کارروائیوں میں 28 مقدمات درج کر کے 26 ملزمان کو حراست میں لیا گیا جن سے 3470 کلوگرام چرس، 20 گرام آئس، 5 کلو بھنگ، 2397 بوتل شراب اور 3461 بیئر کے کین برآمد کیے گئے کارروائیوں کے دوران 3 چوری شدہ اور چھینی گئی گاڑیاں، 27 موبائل فونز اور موٹر وہیکل ایکٹ 550 کے تحت 32 موٹر سائیکلز قبضے میں لے لی گئیں مزید 160 ملزمان کو مختلف جرائم میں حراست میں لیا گیا جبکہ مختلف رینجز میں 17 اشتہاری ملزمان، 126 مفرور گرفتار اور 9 مغوی بازیاب کیے گئے پولیس نے کارروائی کے دوران 6 موٹر سائیکلیں، 1265 لیٹر ڈیزل اور 1020 لیٹر ایرانی پٹرول بھی برآمد کیا۔

## دکی پولیس کی کارروائی، دو ملزمان گرفتار

دکی (نامہ نگار) دکی پولیس نے دو مختلف کارروائیوں میں مفرور ملزم عبدالمالک ولد نصر اللہ عرف کوکو قوم استرانی ساکن دکی اور دورانِ گشت محمد اللہ ولد نور الحق قوم سلیمان خیل ساکن دکی کے قبضے سے ایک ٹی ٹی پسٹل اور کارتوس برآمد کر کے اسے گرفتار کیا ملزم کے خلاف بغیر اسلحہ لائسنس رکھنے پر بلوچستان آرمز ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔


MASHRIQ QUETTA


## کرانی روڈ میں گھر پر دس رکنی مسلح ڈکیت گروپ کا حملہ

**مکینوں کو رسیوں سے باندھ کر لوٹ مار کی، مزاحمت پر اسرار کاکڑ ڈاکوؤں کی فائرنگ سے زخمی**

**اہل محلہ اور پولیس کی مدد سے دو ملزمان گرفتار، پورے گینگ کو گرفتار کیا جائے، متاثرین کا مطالبہ**

کوئٹہ (یو این اے) کرانی روڈ بدل خان اسٹریٹ میں گزشتہ شب دس رکنی مسلح گروہ نے حاجی عبدالسلام کاکڑ کے گھر میں گھس کر ڈکیتی کی واردات کی۔ مسلح افراد نے گھر کے مکینوں کو رسیوں سے باندھ کر لوٹ مار کی۔ مزاحمت کرنے والے گھر کے فرد اسرار کاکڑ کو ڈاکوؤں کی فائرنگ سے شدید زخمی کیا گیا، جسے فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ اہل محلہ اور پولیس کی بروقت کارروائی کے نتیجے میں دو ملزمان کو گرفتار کیا گیا، جن کے قبضے سے پسٹل اور......... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

موبائل فون برآمد ہوئے۔ مقامی افراد نے صوبائی پولیس سربراہ سے واقعے کا سخت نوٹس لینے اور مسلح گروہ کے باقی ارکان کی فوری گرفتاری کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر بروقت کارروائی نہ کی گئی تو علاقہ مکین احتجاج پر مجبور ہوں گے۔ دریں اثنا جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے ترجمان نے واقعے پر شدید افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ گھر کے تقدس کی پامالی، چاردیواری کی خلاف ورزی اور خواتین و بچوں کی ہراسمنٹ ناقابلِ برداشت ہے۔ انہوں نے آئی جی پولیس اور ڈی آئی جی آپریشنز سے مطالبہ کیا کہ مکمل گینگ کو فوری گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔

## ڈیرہ مراد جمالی: محکمہ اریگیشن کا ایکسیئن ڈرائیور اغواء

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب ربی کے علاقے سے محکمہ اریگیشن کے ایکسیئن ڈرائیور کو نامعلوم مسلح افراد نے اغواء کر لیا واقعے کی اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچ کر علاقے کی ناکہ بندی کر دی پولیس کے مطابق نصیر آباد نوتال پولیس تھانے کی حدود ربی بغداد پل کے مقام پر محکمہ آبپاشی ڈیرہ مراد جمالی کے ایکسیئن ڈرائیور غلام حسین کو اغواء کر لیا گیا واقعے کی اطلاع پر پولیس جائے وقوع پر پہنچ گئی پولیس نے ناکہ بندی کر کے اغواکاروں کی تلاش شروع کر دی گئی۔

## غیر قانونی طور پر ایران جانے کی کوشش میں 14 افراد گرفتار

کوئٹہ (آن لائن) ایف آئی اے کمپوزٹ سرکل گوادر کے عملے نے کارروائیاں کر کے سمندر کے راستے غیر قانونی طور پر ایران جانے والے 14 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا گرفتار ملزمان کا تعلق پنجاب اور کے پی کے مختلف اضلاع سے ہے گرفتار ملزمان میں 4 کا تعلق گوجرانوالہ 2 کا فیصل آباد اور حافظ آباد سے ہیں......... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

گرفتار ملزمان میں 5 کا تعلق لوئر دیر، جبکہ دیگر 3 کا تعلق صوابی، مردان اور مالاکنڈ کے مختلف علاقوں سے ہے ملزمان کو جیوانی سے گرفتار کیا گیا گرفتار ملزمان غیر قانونی طور پر سمندر کے راستے پاکستان سے ایران جا رہے تھے ابتدائی تفتیش کے مطابق ملزمان نے ایران سے غیر قانونی طور پر دیگر ممالک جانا تھا ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا


CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5 Dated 27 NOV 2025 Page No. 22

# کلی درانی میں گیس کی بندش نے عوام کو سردی سے بے حال کر دیا

**گیس غائب، لوگ سرد موسم میں ہیٹر، چولہا اور گرم پانی کی بنیادی ضرورت سے محروم**

کوئٹہ (اے این این) کوئٹہ کے علاقے کلی درانی میں گیس کی بدترین بندش نے بزرگوں، بچوں اور خواتین کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔ علاقے کے مکینوں کا کہنا ہے کہ گیس بالکل غائب ہے اور لوگ سرد موسم میں ہیٹر، چولہا اور گرم پانی جیسی بنیادی ضرورت سے محروم ہو چکے ہیں، جبکہ حکام کی عدم توجہی نے صورتحال کو مزید سنگین بنا دیا ہے۔ .........

بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

باشیوں کے مطابق سخت سردی میں گیس کی مسلسل بندش نے گھریلو زندگی مفلوج کر دی ہے۔ خواتین کا کہنا ہے کہ کھانا پکانا محال ہو چکا ہے، بچے سردی سے بیمار پڑ رہے ہیں اور بزرگ شدید اذیت میں ہیں۔ شہریوں نے الزام لگایا کہ محکمہ گیس کے متعلقہ افسران کو متعدد بار شکایات درج کرائی گئیں، مگر کوئی مؤثر اقدام نہیں کیا گیا۔ عوامی حلقوں نے کہا کہ حکومتی دعوے صرف کاغذوں تک محدود ہیں، جبکہ حقیقت یہ ہے کہ کلی درانی کے مکین بنیادی سہولت سے بھی محروم ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ گیس کی فوری بحالی، کم پریشر کے مستقل حل اور ذمہ دار حکام کے خلاف کارروائی کی جائے، کیونکہ گیس کے بغیر گزارا کرنا عوام کے لیے عذاب بن چکا ہے۔ علاقے کے باسیوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان اور سوئی گیس حکام سے فوری نوٹس لینے کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ اگر مسئلہ حل نہ ہوا تو احتجاج کا دائرہ وسیع کیا جائے گا۔

# پشتون آباد میں گیس کی لوڈ شیڈنگ کا مسئلہ شدت اختیار کر گیا، علاقہ مکین

**حلقہ کا منتخب نمائندہ بھی مسئلہ حل کرانے کی بجائے طفل تسلیاں دے جاتا ہے**

**عبداللہ الکوزئی، حمید خان خلجی، رحیم خان خلجی، ڈاکٹر حاجی حبیب اللہ و دیگر کی مشرق سے بات چیت**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پشتون آباد سمیت دیگر علاقوں میں گیس کی لوڈ شیڈنگ کا مسئلہ شدت اختیار کر گیا ہے، حلقہ کے عوام نے سوئی سدرن گیس کمپنی حکام سے فوری نوٹس لینے کی اپیل کی ہے۔ عبدالولی چوک و ملحقہ علاقے سخت سردی میں نہ صرف گیس کی لوڈ شیڈنگ کا مسئلہ ہے بلکہ زیرو فیصد پریشر موجود ہے نما گیس فراہم کی جاتی ہے جس نہ کھانا پکایا جاتا ہے نہ ہی گھریلو امور خانہ داری سرانجام دی جا سکتی ہے۔ مشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے عبداللہ الکوزئی، حمید خان خلجی، رحیم خان خلجی، ڈاکٹر حاجی حبیب اللہ و دیگر نے بتایا کہ گیس کا مسئلہ نہ صرف ایک گلی کا ہے بلکہ حلقہ پی بی 41 شالدرہ، پشتون آباد، کلی درانی، پشتون درہ، عثمان قاسم، عثمان ہاؤس، خالق آباد، سرکی روڈ اور گرد و نواح میں کم گیس پریشر کا مسئلہ ہے اہالیان محلہ نے بتایا ہے کہ اس حوالے سے حلقہ کے منتخب نمائندہ بھی آکر صرف طفل تسلیاں دے جاتے ہے عملی بنیادوں پر اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 27 NOV 2025 Page No. 23

# بلوچستان کے مسائل کا حل اور ترقی مقامی حکومتوں کے بغیر ممکن نہیں!

بلوچستان ملک کا سب سے بڑا صوبہ ہے مگر آبادی کا تناسب اتنا نہیں جتنا دیگر صوبوں کا ہے۔ اگرچہ دیگر صوبوں کے بڑے شہروں اور دیہی علاقوں میں بہت سارے مسائل اور چیلنجز کا سامنا ہے مگر بلوچستان کی آبادی منتشر ہے، اضلاع بڑے ہیں آبادی کا تناسب کم ہونے کے باوجود مسائل بہت زیادہ ہیں۔ پانی، سیوریج، بجلی، گیس، ہسپتال، تعلیم اور ٹرانسپورٹ جیسی سہولتوں کا فقدان ہے۔ بلوچستان میں میگا منصوبے چل رہے ہیں جبکہ بیرونی سرمایہ کاری بھی بڑھ رہی ہے مگر بلوچستان کے مسائل جوں کے توں ہیں گوکہ موجودہ صوبائی حکومت کی جانب سے مختلف منصوبوں پر کام جاری ہے مگر دیگر صوبوں کی نسبت ترقیاتی منصوبے کم ہیں۔ بلوچستان کے تمام اضلاع کی یکساں ترقی اور مسائل کا حل مقامی حکومتوں کے قیام سے ہی ممکن ہے، بااختیار مقامی حکومتوں کے ذریعے بنیادی سہولیات کی فراہمی سمیت معاشی مسائل حل ہونے میں مدد ملے گی۔ ملک میں اس وقت بلدیاتی اداروں کو بااختیار بنانے اور نچلی سطح پر اختیارات کی منتقلی ایک بار پھر زیر بحث موضوع بن چکا ہے، جس کی بنیادی وجہ بڑے شہروں اور دیہی علاقوں کو درپیش مسائل سے نکالنا ہے۔ اگر بلوچستان کا دیگر صوبوں کی جغرافیائی اور آبادی کے حوالے سے موازنہ کیا جائے تو بلوچستان میں مقامی حکومتوں کی تشکیل سب سے زیادہ ضروری ہے، یہاں قومی اور صوبائی اسمبلی کے حلقے بہت بڑے ہیں جہاں مقامی نمائندگان ہی بہتر انداز سے مسائل کو حل کرنے سمیت ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کو ممکن بنا سکتے ہیں بشرطیکہ مقامی نمائندگان اور بلدیاتی اداروں کو مکمل بااختیار بنایا جائے، کسی بھی ایم این اے اور ایم پی اے کی مداخلت نہ ہو، مقامی حکومتوں کو زیادہ فنڈز کی فراہمی یقینی بنایا جائے تاکہ مقامی حکومتوں کو مالی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ دنیا کے ترقی یافتہ ممالک میں مقامی حکومتوں کو زیادہ اہمیت حاصل ہے جہاں نچلی سطح تک اختیارات منتقل ہیں جس سے ترقی کی رفتار تیز ہے اور لوگوں کے مسائل ان کی دہلیز پر حل ہوتے ہیں۔ بلدیاتی نمائندے ہر وقت اپنے حلقوں میں دستیاب ہوتے ہیں جہاں مقامی لوگ اپنی شکایات باآسانی ان تک پہنچا سکتے ہیں، اگر مقامی نمائندگان کارکردگی نہیں دکھائیں گے تو ان کا احتساب بھی حلقے کے لوگ اپنے ووٹ کے ذریعے کرینگے۔ بلوچستان میں مقامی حکومتوں کی تشکیل ترجیح ہونی چاہیے، صوبائی حکومت بلدیاتی اداروں کو بااختیار بنانے اور مقامی حکومتوں کی تشکیل میں اپنا بھرپور کردار ادا کرے تاکہ بلوچستان میں موجود مسائل کا حل یقینی ہونے کے ساتھ ترقی کی رفتار تیز ہو جس سے عوام مستفید ہوسکیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 6

Dated: 27 NOV 2025

Page No. 24

# گیس کی قیمت میں 7.14 فیصد تک اضافہ کی منظوری

ترجمان اوگرا کی طرف سے گیس کے نرخوں میں اضافے سے متعلق اعلامیہ جاری کیا گیا جس کے مطابق گیس کی اوسط قیمتوں میں 7.14 فیصد تک اضافے کی منظوری دی گئی ہے۔ سوئی سدرن کیلئے گیس کی قیمت میں 7.19 فیصد اور سوئی نادرن کیلئے گیس کی اوسط قیمت 4.89 فیصد اضافے کی منظوری دی گئی ہے۔ سوئی نادرن کیلئے یہ اضافہ 86 روپے 30 پیسے فی ایم ایم بی ٹی یو بنتا ہے۔

یہ طرفہ تماشا ہے کہ ایک طرف حکومت تواتر کے ساتھ مہنگائی میں کمی کے دعوے کر رہی ہے جبکہ دوسری جانب گیس' پٹرول اور بجلی کے نرخوں میں آئے روز اضافہ کر کے عوام پر مہنگائی کے نئے طوفان مسلط کئے جا رہے ہیں۔ وزیراعظم بدترین مہنگائی کی چکی میں پسے عوام کی مشکلات کا کئی بار اعتراف کر چکے ہیں اور صوبائی حکومتوں کو بھی ہدایت کر چکے ہیں کہ مہنگائی میں کمی لانے کے تمام تر اقدامات کئے جائیں۔ مگر دوسری جانب مہنگائی کا سبب بننے والے پٹرول' گیس اور بجلی کے نرخوں کو بے لگام کیا جا رہا ہے جس سے سب سے زیادہ عام آدمی بالخصوص مزدور اور دیہاڑی دار طبقہ متاثر ہو رہا ہے۔ اس وقت ملک بھر میں گیس ناپید ہونے کی وجہ سے گیس سے چلنے والی صنعتیں پہلے ہی شدید مشکلات کا شکار ہیں' سوئی گیس کی عدم دستیابی پر یا تو وہ ایل پی جی جیسی مہنگی گیس استعمال کرنے پر مجبور ہیں جس سے انکی لاگت بھی بڑھ جاتی ہے یا وہ اپنے کارخانے بند کرنے پر مجبور ہیں۔ گیس کی نئی قیمتوں سے گھریلو صارفین مزید مشکلات کی زد میں آجائیں گے' انہیں گیس پہلے ہی دستیاب نہیں' مہنگی گیس بھی انکی دسترس سے باہر ہو جائیگی۔ اس تناظر میں حکومت ملک میں ترقی لانے اور بے روزگاری دور کرنے کا وعدہ کس طرح پورا کر سکتی ہے۔ مہنگائی پر قابو پانے کیلئے ضروری ہے کہ حکومت بجلی' گیس اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کو کم کرے اور گیس کی بڑھائی جانے والی قیمتوں پر نظرثانی کرے۔

CS CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6 Dated: 27 NOV 2025 Page No 25

# Mounting Inflation

Balochistan, is often the first and hardest hit by national economic crises. Today, it stands at the epicenter of an inflation storm, where the recent, hike in petroleum prices has not just increased the cost of living, but has fundamentally shattered the economic stability of millions. The prices of daily commodities have not simply risen; they have multiplied, creating an unbearable burden that the ordinary citizens are left to carry alone, seemingly forgotten by their government. The core of this crisis lies in the direct relationship between fuel and food. As a vast, geographically dispersed region, Balochistan is critically dependent on road transport to ferry essential commodities from wheat and pulses to vegetables and medicines across long distances. Every upward adjustment in the price of petrol and high-speed diesel sends an immediate, non-negotiable shockwave through the entire supply chain. Transporters pass the increased cost of fuel onto wholesalers, who pass it onto retailers, and finally, the entire cumulative burden is dumped upon the consumer.

For the daily wage earner, the small farmer, and the low-income families across Quetta, Turbat, and the remote districts, the ability to "make both ends meet" has become an impossibility. The limited purchasing power of the average citizen is being rapidly eroded by sky-rocketing food inflation, which is further exacerbated by currency depreciation that makes imported goods including essential food items exponentially more expensive. The current reality is one of diminishing rations, compromised healthcare, and growing despair, a quiet tragedy that goes largely unnoticed in the national political noise.

While regulatory bodies like the District Price Control Committees (DPCCs) exist on paper, empowered to fix and stabilize prices of essential goods, they appear entirely ineffective in practice. Market profiteers and hoarders operate with impunity, knowing there is little practical enforcement or swift justice to curb their exploitative practices.

The government's attention remains fixated on macro-economic stability, primarily satisfying conditions laid out by international lenders like the IMF. While fiscal responsibility is necessary, the cost of this stability cannot be the wholesale sacrifice of the citizens' basic right to affordability. Budgetary targets and debt servicing seem to take precedence over the humanitarian necessity of public relief. No practical, localized steps such as targeted transport subsidies for essential food supplies within the province, effective crackdown on cartels, or the creation of monitored market mechanisms to break the fuel-to-food price chain have been implemented with the required urgency or scale. Balochistan requires more than just rhetoric; it demands action tailored to its unique geographical and economic constraints.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 27 NOV 2025

Page No. 26


# Ballot to Reboot MCQ

After a long, long wait, the people of Quetta are finally getting a chance to choose their city's government. The last time we voted for our Metropolitan Corporation, it feels like a lifetime ago. Since then, our city has faced many challenges. But now, with these elections, a fresh wave of hope is blowing through our valleys. It is a hope for a cleaner, greener, and more beautiful Quetta. It is a hope for a city that works for the people who live in it. The Metropolitan Corporation is not just another government office. It is the backbone of our city. Think about it. Who is responsible for making sure the garbage from our streets is collected? The Metropolitan Corporation. Who should ensure that our parks are clean and safe for our children to play in? The Metropolitan Corporation. Who is in charge of the basic things we all need, like getting a birth certificate for a new baby or a death certificate for a loved one? The Metropolitan Corporation. From the water in our pipes to the streetlights above our heads, this local body is the heart of our city's daily life. For too long, that heart has not been beating as strongly as it should. Now, we have the power to change that. We are not just voting for a name or a party symbol. We are voting for a future. We are voting for the kind of city we want to leave for our children. What do the people of Quetta want? Our wishes are simple and clear.

Quetta wants cleanliness. We are tired of seeing piles of trash on our street corners. We want a systematic garbage collection system that works every day, not just sometimes. We want our drains to be clean so that when it rains, our streets don't flood. A clean city is not a luxury; it is a basic right. Quetta desires beautification. Quetta is a city of stunning natural beauty, surrounded by magnificent mountains. But our city itself needs more care. We need more public parks where families can spend time. We need well-maintained roads without potholes. We want our city to be a place we are proud of, both for its natural scenery and its man-made spaces. Quetta needs efficient services. No one should have to run from one office to another for weeks just to get a simple document. The new Metropolitan Corporation must make public service easy and fast. The people working there should be helpers, not hurdles. Whether it's a new business license or a complaint about a broken water line, the system should respond quickly.

Most importantly, Quetta anxious and eager to see real representatives. We are tired of leaders who only appear during election season. We want councillors and the mayor to be visible in our neighborhoods. They should listen to our problems and work with us to find solutions. They should be our voice in the city government, making sure that our specific needs whether it's a new water pump for one area or a traffic signal for another are heard and acted upon. This election is a golden opportunity. It is our chance to wipe the slate clean and start anew. Let us not waste it. Let us vote for a brighter, stronger, and more beautiful Quetta. Let us work together to build a city that we all deserve. The dawn of a new era is here. Let's make sure it's a bright one.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No 6

Dated 27 NOV 2025

Page No 29

# چار دن کوئٹہ میں!



نجیبہ عارف
☆☆☆

بلوچستان ایک مدت سے میرے دل میں بستا ہے مگر میں اس پراسرار محبت کی کوئی توجیہ پیش نہیں کر سکتی۔ اس سال بالآخر مجھے بلوچستان کے دل کوئٹہ میں چار دن گزارنے کا موقع مل گیا۔ کوئٹہ کی سڑکیں اور گلیاں، پہاڑ اور وادیاں اور سب سے بڑھ کر کوئٹہ کے حسین باسی، جنکے دل خلوص و محبت سے لبالب ہیں اور جن کے چہرے انکی ذہانت، پختہ فکری اور بالغ نظری کے گواہ ہیں؛ مجھے یقین دلا رہے تھے کہ بلوچستان سے میری محبت بے سبب نہیں تھی۔

کوئٹہ جانے کا یہ موقع اقبال اکادمی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالرؤف رفیقی نے فراہم کیا، جنہوں نے نیشنل رحمۃ للعالمین و خاتم النبیین اتھارٹی کے تعمیر نو ٹرسٹ یوتھ کلب کے اشتراک سے انٹرنیشنل اقبال کانفرنس کا اہتمام کیا تھا۔ سترہ نومبر 2025ء کی صبح کوئٹہ ایئرپورٹ پر اترتے ہی تقریب کے میزبان اولی حافظ محمد طاہر، سابق سیکرٹری تعلیم، حکومت بلوچستان کو رفیقی صاحب اور دیگر ساتھیوں کے ہمراہ، گلدستے ہاتھ میں لئے، مہمانوں کے استقبال کیلئے منتظر پایا۔ معلوم ہوا کہ اسلام آباد سے تیس آدمیوں کا قافلہ اسی پرواز پر محو سفر تھا جن میں سے بیشتر دیگر شہروں سے اسلام آباد پہنچے تھے۔ استقبال ہی سے محسوس ہو گیا تھا کہ منتظمین کے نزدیک اس کانفرنس کی کیا اہمیت ہے۔ حافظ محمد طاہر صاحب کی علامہ اقبال سے عقیدت و محبت انکی گفتار سے ہی نہیں، چہرے اور آنکھوں سے بھی ٹپک رہی تھی۔ طعام و قیام کے بہترین انتظامات اور مہمان داری و خدمت گزاری کی اعلیٰ روایات ہم لوگوں کو حیران کئے دے رہی تھیں۔ مگر اصل حیرت تو ابھی منتظر تھی۔

اس کانفرنس کا مقام تقریب ایک نجی تعلیمی ادارے تعمیر نو پبلک کالج کا سمارٹ آڈیٹوریم تھا۔ یہ ادارہ 1955ء میں کچھ دردمند افراد نے اسلامی اقدار کے مطابق علاقے کے بچوں کو معیاری تعلیم فراہم کرنے کیلئے قائم کیا تھا۔ یہ درسگاہ آج ہزاروں بچوں کی مادر علمی کا روپ دھار چکی ہے اور لاکھوں بچوں کو بہترین تعلیم دیکر کاروبار حیات میں اپنا کردار ادا کرنے کیلئے تیار کر چکی ہے۔ تعمیر نو ٹرسٹ بلوچستان کے موجودہ چیئرمین بریگیڈیئر ریٹائرڈ عبدالجلیل خان خود بھی چار سال کی عمر میں اس ادارے سے بطور طالبعلم وابستہ ہوئے تھے۔ انٹرمیڈیٹ تک تعلیم فراہم کرنے والے اس ادارے کے درجن بھر کیمپس قائم ہیں اور اب جلد خواتین کیلئے یونیورسٹی کھولنے کا پروگرام ہے۔ اس ادارے سے فارغ التحصیل طلبہ ملک بھر میں ذمہ دار عہدوں پر فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔ کانفرنس کے میزبان حافظ محمد طاہر اور نیشنل رحمۃ للعالمین و خاتم النبیین اتھارٹی کے ڈائریکٹر سہیل بن عزیز بھی اسی ادارے کے ساتھ طالب علم نکلے۔

انٹرنیشنل اقبال کانفرنس کی مرکزی تقریبات تعمیر نو ٹرسٹ کے غزالی بوائز کیمپس میں ہوئیں۔ دوسرے اور تیسرے دن متوازی اجلاس اقبال گرلز کیمپس میں بھی ہوئے جس کی سربراہ محترمہ جبین درانی بہت قابل اور بردبار خاتون ہیں۔ ان دونوں اداروں میں نہ صرف عمارتوں اور سہولیات کی خوبی و زیبائی نے توجہ کھینچی بلکہ انتظامیہ، اساتذہ اور طلبہ کے درمیان حیرت انگیز مفاہمت، باہمی اعتماد اور فرائض و ذمہ داریوں کی احسن تقسیم بھی نظر آئی۔ طلبا و طالبات کی خود اعتمادی، تہذیب و شائستگی، اردو اور انگریزی میں انکی قدرت کلام، پرمغز اور فکر انگیز سوالات، سبھی کچھ متاثر کن تھا۔ کانفرنس میں پاکستان کے علاوہ برطانیہ، بنگلہ دیش، مالدیپ، مصر، مراکو، متحدہ عرب امارات، کویت، ترکی اور ایران کے مندوب شریک تھے۔ کئی اہم اور بین الاقوامی شہرت کی حامل شخصیات بھی موجود تھیں جو عالمی سطح پر امت مسلمہ کی فلاح و بہبود کیلئے خدمات سرانجام دے رہی ہیں۔ ان میں معروف اسلامی سکالر اور ماہر تعمیرات ڈاکٹر سمیع اللہ ملک، النجیب فاؤنڈیشن کے سربراہ جناب ندیم خان، کویت یونیورسٹی میں اقبال چیئر قائم کرنے کے خواہشمند رانا اعجاز حسین اور ساؤتھ پنجاب یونیورسٹی کے چانسلر اور ایمز ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے سربراہ الماس ایوب صابر شامل تھے۔ انکے علاوہ پاکستان سے بریگیڈیئر ریٹائرڈ ڈاکٹر وحید الزماں طارق، ڈاکٹر محمد سلیم مظہر، ڈاکٹر ہارون الرشید تبسم، ڈاکٹر شیر علی، ڈاکٹر رمضان طاہر، ڈاکٹر اقبال شاہد، ڈاکٹر فاروق عادل، بریگیڈیئر ریٹائرڈ شاہد اصغر، ڈاکٹر غیاث، جناب سہیل بن عزیز، جناب عبداللہ کیہر، ڈاکٹر بابر نسیم آسی اور حنان علی عباسی شامل تھے۔

خاتون مندوب البتہ میں اکیلی تھی لیکن کوئٹہ کی کئی خواتین اساتذہ نے کانفرنس میں نہ صرف مقالے پڑھے، نظامت کی اور کھل کر سوال جواب بھی کیے۔ مجھے مجموعی طور پر کوئٹہ کی خواتین زیادہ بااعتماد اور فطری طور پر خوش باش نظر آئیں۔ ڈاکٹر قندیل بدر ہوں یا جویریہ عبدالحق، مس ثمن ہوں یا مسز رحمت رفیقی، سبھی بے انتہا قابل، ذہین اور خوش طبع ہیں۔ اسی طرح وہ نوجوان اساتذہ جو پروٹوکول کی خدمات سرانجام دے رہے تھے، بڑے ذمہ دار اور مہذب تھے۔ بلال اسود، سیف اللہ، زرک خان اور ان کے سبھی ساتھی آدھی آدھی رات تک جاگ کر کام کرتے رہتے اور صبح سویرے ہشاش بشاش ملتے۔ کانفرنس کے مقالات میں امت مسلمہ کی عصری صورتحال اور فکر اقبال کی روشنی میں اس کا حل تلاش کرنے کی تجویز دی گئی۔ پاکستان، بالخصوص بلوچستان کی صورتحال پر پوری قوم کی دردمندی اور تشویش ظاہر ہوتی رہی اور بلوچستان کے عوام کے حالات بہتر بنانے کی ضرورت پر بار بار زور دیا گیا۔ حافظ محمد طاہر کی اشکبار آنکھوں اور مولانا زید گل خٹک کی رقت بھری دعاؤں نے ماحول کو نورانی اور روحانی بنا دیا تھا۔ اس پر مستزاد، کانفرنس کا اختتامی اجلاس تھا جس میں دنیا کے کئی ممالک سے آنیوالے قاری حضرات نے چار گھنٹے تک مختلف لحنوں میں قرآن کی تلاوت کی۔ اس محفل کی کیفیت تو بیان سے باہر ہے مگر عجیب بات یہ تھی کہ سننے والوں چند خواتین آخر تک موجود رہیں۔ بلوچستان کو سلام ہے کہ اس محفل قرات میں خواتین کی موجودگی کو نہ صرف قبول کیا بلکہ حوصلہ افزائی بھی کی۔ خدا کرے کہ یہ کانفرنس علمی و ادبی ہی نہیں، بلوچستان کی سیاسی و معاشرتی فضا میں بھی خوش گوار تبدیلی پیدا کرنے کا باعث بنے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. ________ Dated: 27 NOV 2025 Page No. ________



صوبائی وزیر لائیواسٹاک سردار فیصل جمالی سے جبار خلجی و دیگر وفود ملاقات کر رہے ہیں



صوبائی پارلیمانی سیکرٹری انرجی میر اصغر رند سے ڈی جی انرجی عارف حکیم اور پی ایس محمد آصف جگ ملاقات کر رہے ہیں



مشیر بلدیات امیر حمزہ زہری لوکل گورنمنٹ اور نادرا کی مشترکہ رجسٹریشن ون ونڈو کی افتتاح کر رہے ہیں